صداقت ثقافت اور قومی شعور کا ترجمان

کوئٹہ، گوادر، حب، اسلام آباد، کراچی اور پشاور سے بیک وقت شائع ہونیوالا اردو روزنامہ

باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت A.B.C Certified بلوچستان کا کثیر الاشاعت اخبار

روزنامہ Daily ASKAR INTERNATIONAL QUETTA MEMBER A.P.N.S

عسکر انٹرنیشنل کوئٹہ

چیف ایڈیٹر: سید فاروق شاہ

رجسٹرڈ نمبر BC-A-21

Dailyaskar.com.pk — Dailyaskarisb@gmail.com

جلد نمبر 24 | بروز جمعرات 26 نومبر 2026ء 15 جمادی الثانی 1448 ہجری | قیمت 15 روپے | شمارہ نمبر 30

ہماری کوشش ہے کہ انہیں ایسے ہنر اور مواقع دیے جائیں جن کے ذریعے وہ اپنے علاقوں میں رہتے ہوئے باعزت روزگار کما سکیں اور دوسروں کے لیے بھی روزگار کے مواقع پیدا کریں

بلوچستان کے نوجوانوں کی قسمت بدل گئی، ڈیجیٹل مہارت سیکھو گھر بیٹھے لاکھوں کماؤ

وزیراعلیٰ سرفراز بگٹی کا دھماکہ خیز اعلان

ہماری خواہش ہے کہ بلوچستان کا نوجوان کسی کا محتاج بننے کے بجائے اپنی صلاحیتوں کی بنیاد پر خود روزگار حاصل کرے اور معاشی طور پر خودمختار بنے، تقریب سے خطاب

کوئٹہ (عسکر انٹرنیشنل رپورٹ) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا ہے کہ آج کا دن میرے لیے انتہائی اہمیت کا حامل ہے، ہمیں اس بات کا احساس تھا کہ دنیا تیزی سے ڈیجیٹل ورلڈ میں تبدیل ہو چکی ہے اور وقت کا تقاضا ہے کہ اپنے نوجوانوں کو جدید ڈیجیٹل مہارتوں سے آراستہ کر کے انہیں اس قابل بنایا جائے کہ وہ بدلتے ہوئے دور کے تقاضوں سے ہم آہنگ ہو سکیں۔ بلوچستان کے نوجوان ہمارا سرمایہ اور مستقبل ہیں، انہیں آگے بڑھنے کے مواقع

(بقیہ 1 اندرونی صفحہ 2 پر)

پہاڑوں کی سرحدیں بھی پاک چین دوستی کی راہ میں رکاوٹ نہ بن سکیں، چینی سفارتخانہ

پہلے پاکستانی خلا باز کے خلا میں جانے پر چینی سفارت خانے کا خراج تحسین پیش

اسلام آباد (عسکر انٹرنیشنل رپورٹ) چینی سفارت

(بقیہ 2 اندرونی صفحہ 2 پر)

احسن اقبال نے پاکستان کے پہلے خلا باز کی تاریخی روانگی کا براہ راست مشاہدہ کیا

اسلام آباد (عسکر انٹرنیشنل رپورٹ) وفاقی وزیر

(بقیہ 3 اندرونی صفحہ 2 پر)

بنگلہ دیش پارلیمنٹ کے اسپیکر کی پارلیمانی وفد کے ہمراہ پارلیمنٹ ہاؤس اسلام آباد آمد

اسپیکر قومی اسمبلی نے وفد کو قومی اسمبلی ہال کے تاریخی پس منظر اور قانون سازی کے طریق کار سے آگاہ کیا

اسلام آباد (عسکر انٹرنیشنل رپورٹ) بنگلہ دیش

(بقیہ 4 اندرونی صفحہ 2 پر)



کوئٹہ، وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی بلوچستان کی پہلی ڈیجیٹل ایکسپو 2026 کی تاریخوں کے اعلان سے متعلق منعقدہ افتتاحی تقریب سے خطاب کر رہے ہیں

صدر مملکت سے سپیکر بنگلہ دیش پارلیمنٹ کی ملاقات، تجارتی اور تعلیمی تعاون بڑھانے پر زور

دونوں ممالک کے تعلقات خودمختار مساوات، باہمی احترام اور مشترکہ مفادات کی بنیاد پر استوار ہونے چاہئیں، آصف زرداری

کہ پاکستان اور بنگلہ دیش کے درمیان پارلیمانی، تجارتی اور تعلیمی تعاون بڑھانے کے وسیع امکانات موجود ہیں، گفتگو

اسلام آباد (عسکر انٹرنیشنل رپورٹ) صدر مملکت آصف علی زرداری سے بنگلہ دیشی پارلیمنٹ کے سپیکر حافظ الدین احمد بیرِ بکرم نے ملاقات کی، جس میں پاکستان اور بنگلہ دیش کے دوطرفہ تعلقات مزید مضبوط بنانے اور مختلف شعبوں میں تعاون بڑھانے پر اتفاق کیا گیا۔ صدر آصف علی زرداری نے ملاقات کے دوران زور دیا کہ دونوں ممالک کے تعلقات خودمختار مساوات، باہمی احترام اور مشترکہ

(بقیہ 6 اندرونی صفحہ 2 پر)

بلال بھٹو زرداری

مجھ سے آرڈر کے ذریعے کوئی آئینی ترمیم نہیں کرائی جا سکتی

آئین میں نئے صوبے بنانے کا باقاعدہ طریقہ کار موجود، ملک کو سیاسی ری سیٹ کی ضرورت ہے، وزیراعظم شہباز شریف سب سے پہلے اتحادیوں کا اعتماد بحال کریں

موجودہ حالات میں انارکی پیدا کرنے کی کوشش کی جا رہی ہے، ایسے کسی اقدام کے ساتھ کھڑے نہیں ہوں گے، چیئرمین پاکستان پیپلز پارٹی

ملتان (اے این این) چیئرمین پاکستان پیپلز پارٹی بلاول بھٹو زرداری نے کہا ہے کہ اگر کوئی آرڈر کے

(بقیہ 5 اندرونی صفحہ 2 پر)



وزیراعظم محمد شہباز شریف اسلام آباد میں وزارت انفارمیشن ٹیکنالوجی و ٹیلی کمیونیکیشن کی کارکردگی اور اہم منصوبوں پر پیش رفت کے حوالے سے جائزہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں۔

تمام آئی ٹی پارکس کا آڈٹ ہوگا، کسی کو رعایت نہیں ملے گی، وزیراعظم

پاکستان آئی ٹی کی دنیا میں چھا جائے گا، برآمدات بڑھیں گی، نوجوانوں کو نوکریاں ملیں گی، وزیراعظم شہباز شریف کا بڑا اعلان

آئی ٹی پارکس میں کرپشن اور بدانتظامی برداشت نہیں، تمام پارکس کا تھرڈ پارٹی آڈٹ کرایا جائے، وزیراعظم کا سخت حکم

اسلام آباد (عسکر انٹرنیشنل رپورٹ) وزیراعظم شہباز شریف نے کہا ہے کہ حکومت پاکستان کے آئی ٹی سیکٹر کی برآمدی صلاحیت سے بھرپور فائدہ اٹھانے کے لیے اقدامات کر رہی ہے تاکہ اسے معاشی ترقی اور نوجوانوں کے لیے روزگار کا کلیدی ذریعہ بنایا جا سکے۔ انہوں نے آج اسلام آباد میں وزارت انفارمیشن ٹیکنالوجی و ٹیلی کمیونیکیشن کی کارکردگی، اہم منصوبوں پر پیش رفت اور جاری اصلاحات کے حوالے سے جائزہ اجلاس کی صدارت کی۔ وزیراعظم نے کہا کہ حکومت آئی ٹی اور آئی ٹی سے منسلک خدمات کے شعبے میں مزید ملکی و غیر ملکی

(بقیہ 7 اندرونی صفحہ 2 پر)

سائنس و ٹیکنالوجی کے میدان میں پاک چین تعاون نئی تاریخ رقم کر رہا ہے، عبدالعلیم خان

ذیشان علی کی کامیابی پاکستان کے لئے باعثِ فخر اور تاریخی اعزاز ہے، وفاقی وزیر کی مبارکباد

اسلام آباد (اے این این) وفاقی وزیر مواصلات اور صدر استحکام پاکستان پارٹی عبدالعلیم خان کی خلائی مشن پر روانہ ہونے والے پاکستان کے پہلے خلا باز محمد ذیشان علی کو مبارکباد دیتے ہوئے کہا ہے پاک

(بقیہ 8 اندرونی صفحہ 2 پر)

خلائی سفر میں تاریخی پیشرفت، قوم کا محمد ذیشان کیلئے نیک تمناؤں کا اظہار

لاہور (اے این این) قوم نے پاکستان کے خلائی سفر میں تاریخی پیشرفت پر پاکستانی خلا باز محمد ذیشان علی کیلئے نیک تمناؤں کا اظہار کیا۔ چینی خلائی مشن شین ژو 24 کے ذریعے پاکستانی خلا باز کی خلا میں روانگی پر ملک بھر میں جوش و خروش نظر آیا، اس تاریخی اور باعث فخر موقع پر پاکستانی عوام کا کہنا ہے کہ پاکستانی

(بقیہ 10 اندرونی صفحہ 2 پر)

پاکستان سے روزگار کیلئے بیرون ملک جانے والے افراد کی تعداد میں بڑی کمی

گزشتہ برس کے مقابلے میں رواں سال 2 لاکھ 87 ہزار سے زائد افراد کم بیرون ملک گئے

لاہور (بی این ایم) بیرون ملک روزگار کے لیے جانے والے پاکستانیوں کی تعداد میں نمایاں کمی ریکارڈ کی گئی ہے۔ رواں سال 2026 کے پہلے 10 ماہ میں گزشتہ سال کے مقابلے میں 2 لاکھ 87 ہزار 298 کم پاکستانی بیرون ملک ملازمت کے لیے گئے، عالمی ممالک میں کشیدہ صورتحال، فضائی آپریشنز میں خلل اور کاروباری سرگرمیاں متاثر ہونے سے پاکستانی ملازمین اور اوورسیز ایمپلائمنٹ پروموٹرز کو مشکلات کا سامنا ہے۔ میڈیا

(بقیہ 11 اندرونی صفحہ 2 پر)

بشریٰ بی بی کی عبوری ضمانتوں کی درخواست کی سماعت 9 دسمبر تک ملتوی

راولپنڈی (اے این این) بانی پی ٹی آئی کی اہلیہ بشریٰ بی بی کی 26 نومبر کے 29 مقدمات میں عبوری ضمانتوں کی درخواست کی سماعت 9 دسمبر تک ملتوی ہو گئی۔ راولپنڈی انسداد دہشت گردی کی خصوصی عدالت میں بانی پی ٹی آئی کی اہلیہ بشریٰ بی بی کی 26 نومبر کے 29 مقدمات میں عبوری ضمانتوں کی درخواست کی سماعت ہوئی، بشریٰ بی بی

(بقیہ 17 اندرونی صفحہ 2 پر)

وزیراعظم شہباز شریف سے وفاقی وزیر مصدق ملک کی ملاقات

ایس سی او اجلاس میں پاکستان کی بھرپور نمائندگی، وزیراعظم کی مصدق ملک کے انداز بیاں اور اردو کی تعریف

اسلام آباد (اے این این) وزیراعظم شہباز شریف نے نئی دہلی میں شنگھائی تعاون تنظیم کے تہذیبی میلے میں پاکستان کی بھرپور نمائندگی کرنے پر وفاقی وزیر برائے موسمیاتی تبدیلی ڈاکٹر مصدق ملک کو زبردست خراج تحسین پیش کیا ہے۔ وزیراعظم شہباز

(بقیہ 9 اندرونی صفحہ 2 پر)

پاک چین اشتراک سے گوادر میں انجینئرنگ ٹیکنالوجی انسٹیٹیوٹ کے قیام کا منصوبہ، ایم او یو پر دستخط

بلوچستان کے نوجوانوں کیلئے روزگار کے مواقع بڑھانے اور مقامی ہنرمند افرادی قوت تیار کرنے میں مدد ملے گی

اسلام آباد (اے این این) پاکستان اور چین کے باہمی اشتراک سے گوادر میں انجینئرنگ اور ٹیکنالوجی انسٹی ٹیوٹ کے قیام کا منصوبہ تیار ہے۔ منصوبے کے مطابق پاکستان اور چین کے گوادر میں انجینئرنگ، ٹیکنالوجی انسٹی ٹیوٹ قائم کرنے کیلئے تعاون کریں

(بقیہ 12 اندرونی صفحہ 2 پر)

پاکستان میں شعبہ ماہی گیری کی ترقی و سمندری خوراک کی برآمدات میں اضافہ

مجموعی پیداوار 6 لاکھ 42 ہزار 180 میٹرک ٹن تک پہنچ گئی

اسلام آباد (اے این این) پاکستان میں ماہی گیری کے شعبے کی ترقی اور سمندری خوراک کی برآمدات میں اضافہ ریکارڈ ہوا ہے۔ ملک میں ماہی گیری کے شعبے کی مجموعی پیداوار 6 لاکھ 42 ہزار 180 میٹرک ٹن تک پہنچ گئی ہے۔ مالی سال

(بقیہ 16 اندرونی صفحہ 2 پر)

عوام کو سنگین جرائم سے تحفظ فراہم کرنا ترجیح ہے، وزیراعظم

شہباز شریف کی زیر صدارت این سی سی آئی اے کی تنظیم نو کے حوالے سے اجلاس، پاکستان سائبر پولیس بنانے کی سفارش

اصلاحات کی سفارشات پر غور کیلئے وفاقی وزراء پر مشتمل کمیٹی بنانے کے احکامات جاری، کمیٹی رواں ہفتے کے آخر تک اپنی سفارشات وزیراعظم کو پیش کرے گی

اسلام آباد (عسکر انٹرنیشنل رپورٹ) وزیراعظم شہباز شریف نے ہدایت کی ہے کہ سائبر کرائمز کی

(بقیہ 13 اندرونی صفحہ 2 پر)

پاکستان اور ناروے کا پارلیمانی تعاون اور دوطرفہ تعلقات مضبوط بنانے پر اتفاق

اوسلو (بی این ایم) ناروے میں پاکستان کے سفیر عاصم علی خان نے اوسلو کے پاکستان ہاؤس میں پاکستان کی سابق وزیر خارجہ اور قومی اسمبلی کی قائمہ کمیٹی برائے امور خارجہ کی چیئرپرسن حنا ربانی کھر کے اعزاز میں استقبالیہ دیا۔ تقریب میں ناروے کی پارلیمانی قائمہ کمیٹی برائے امور خارجہ و دفاع کے چیئرمین پیٹر فروئچ اور کمیٹی کے دیگر ارکان، پاکستان

(بقیہ 15 اندرونی صفحہ 2 پر)

کیش لیس پاکستان میں نمایاں پیش رفت

ڈیجیٹل ادائیگی مراکز کی تعداد چار گنا بڑھ کر 20 لاکھ ہو گئی ہے، بلال اظہر کیانی

اسلام آباد (یو این اے) وزیر مملکت برائے خزانہ و ریلوے بلال اظہر کیانی نے کہا ہے کہ وزیراعظم محمد شہباز شریف کی براہ راست قیادت اور مسلسل نگرانی میں کیش لیس پاکستان کے قومی ایجنڈے پر نمایاں پیش رفت ہوئی ہے، ڈیجیٹل ادائیگیوں کے مراکز کی

(بقیہ 14 اندرونی صفحہ 2 پر)



کوئٹہ، وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی بلوچستان کی پہلی ڈیجیٹل ایکسپو 2026 کی تاریخوں کے حتمی اعلان کا باقاعدہ افتتاح کر رہے ہیں

پاکستان اور روس کا 2030 تک دوطرفہ تجارت 5 ارب ڈالر تک بڑھانے کا ہدف مقرر

ماسکو (عسکر انٹرنیشنل رپورٹ) پاکستان اور روس نے 2030 تک دوطرفہ تجارت کا حجم 5 ارب ڈالر تک پہنچانے کا ہدف مقرر کرتے ہوئے 2026 سے 2030 تک کے پانچ سالہ اقتصادی تعاون کے پروگرام پر دستخط کر دیے ہیں، جبکہ پاکستان اور یوریشین اقتصادی یونین کے درمیان آزاد تجارتی معاہدے کے مشترکہ فزیبلٹی سٹڈی بھی مکمل کر لی گئی ہے۔ رپورٹ کے مطابق روسی دارالحکومت ماسکو میں پاکستان اور روس کے وزرائے تجارت، اقتصادی، سائنسی اور تکنیکی تعاون کے بین الحکومتی کمیشن کا گیارہواں اجلاس اختتام پذیر ہوگیا، اجلاس کی مشترکہ صدارت پاکستان کے وفاقی وزیر توانائی سردار اویس احمد خان لغاری اور روس کے وزیر تجارت سرگئی سیوولیف نے کی۔ 25 نومبر کو جاری کردہ تفصیلی پریس ریلیز کے مطابق اجلاس کے اختتام پر

(بقیہ 19 اندرونی صفحہ 2 پر)

عدالت نے بانی چیئرمین سے فالواپ ملاقات کی اجازت دے دی: لطیف کھوسہ

اپنے معالجین کی مشاورت سے طبی رپورٹس کا جائزہ لے کر کمی کوتاہی کی نشاندہی کریں گے

اسلام آباد (بی این ایم) پاکستان تحریک انصاف (پی ٹی آئی) کے وکیل رہنما سردار لطیف کھوسہ نے کہا ہے کہ عدالت نے بانی چیئرمین اور ان کی اہلیہ سے فالواپ ملاقات کی اجازت دے دی ہے۔ اسلام آباد ہائیکورٹ میں سلمان صفدر کے ہمراہ میڈیا سے

(بقیہ 20 اندرونی صفحہ 2 پر)

ن لیگ کے 14 رکنی نوجوان رہنماؤں کا وفد چین پہنچ گیا

وفد کو جدید طرز حکمرانی، چینی ترقیاتی ماڈل اور مصنوعی ذہانت سے متعلق تربیت دی جائے گی

لاہور (بی این ایم) پاکستان اور چین کے تعلقات میں تعاون کے فروغ کے لیے مسلم لیگ ن کے 14 رکنی نوجوان رہنماں کا وفد چین پہنچ گیا۔ وزیراعظم شہباز شریف اور قائد مسلم لیگ ن نواز شریف کے وژن کے تحت وفد پاک چین تعاون کو نئی جہت دینے

(بقیہ 18 اندرونی صفحہ 2 پر)

سپریم کورٹ؛ بیوی کے نام گھر کی ملکیت برقرار رکھتے ہوئے شوہر کی اپیل خارج

عدالت عظمیٰ نے متعلقہ سب رجسٹرار اور ریونیو حکام کو ریکارڈ درست کرنے کا حکم دے دیا

اسلام آباد (بی این ایم) سپریم کورٹ نے بیوی کے نام گھر کی ملکیت برقرار رکھتے ہوئے شوہر کی اپیل خارج کرتے ہوئے شوہر کا بیہ اور بے نامی ملکیت دونوں کا دعویٰ متضاد قرار دے دیا، جسٹس شاہد وحید نے فیصلہ تحریر کیا جبکہ جسٹس نعیم اختر افغان

(بقیہ 24 اندرونی صفحہ 2 پر)

لیبیا کشتی حادثہ؛ ایف آئی اے کی ٹیم تحقیقات کے لیے باجوڑ پہنچ گئی

ٹیم کشتی حادثے کا نشانہ بننے والے افراد کے لواحقین سے ملاقات کرے گی

پشاور (بی این ایم) لیبیا کشتی حادثے کے بعد ایف آئی اے نیم تحقیقات کے لیے باجوڑ پہنچ گئی۔ سرکاری ذرائع کے مطابق لیبیا کشتی حادثے کی تحقیقات جاری ہیں جس کے لیے ایف آئی اے کی ٹیم باجوڑ پہنچی ہے، نیم لیبیا بھجوانے والے ایجنٹس کے خلاف

(بقیہ 21 اندرونی صفحہ 2 پر)

سعودی عرب کے مشرقی صوبے میں 4 ڈرون حملے ناکام بنا دیے گئے، سعودی اتحادی فوج

عرب اتحاد کے حدیدہ بندرگاہ کی آپریشنل صلاحیتوں پر حملے، سفارتی سطح پر حوثیوں کی شدید مذمت

ریاض، صنعا، جی دبلی (اے این این) سعودی اتحادی فوج نے کہا ہے کہ سعودی عرب کے مشرقی صوبے میں ڈرون حملے ناکام بنا دیے گئے۔ فضائی دفاعی نظام نے مشرقی صوبے کے علاقے راس خنورہ میں 4 ڈرونز کو مار گرایا۔ سعودی اتحادی فوج کے ترجمان ترکی المالکی نے سوشل میڈیا پلیٹ فارم ایکس پر جاری بیان میں بتایا ہے کہ ڈرونز کو تباہ کرنے کے نتیجے میں ان کا ملبہ مختلف مقامات پر گرا، تاہم کوئی جانی نقصان نہیں ہوا۔ یہ اعلان ایسے وقت میں سامنے آیا ہے جب یمن کے ساحلی شہر حدیدہ میں دھماکوں کی اطلاعات موصول ہوئی تھیں۔ اس سے قبل سعودی

(بقیہ 29 اندرونی صفحہ 2 پر)



اسلام آباد، وزیر خارجہ سینیٹر محمد اسحاق ڈار پاور سیکٹر مینجمنٹ کا جائزہ لینے کے لیے منعقدہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

کراچی میں شہری کے قتل کے خلاف لواحقین کا لاش کے ہمراہ دھرنا

قاتلوں کو فوری گرفتار کیا جائے، گرفتاری تک دھرنا جاری رہے گا، مظاہرین کا مطالبہ

کراچی (بی این ایم) سہراب گوٹھ کے ایوب گوٹھ میں فائرنگ سے جاں بحق ہونے والے 60 سالہ حاجی جمعہ خان کے قتل کے خلاف اہلخانہ اور برادری کے افراد نے احتجاج کرتے ہوئے ڈی ایس پی آفس سہراب گوٹھ کے باہر لاش رکھ کر دھرنا دے دیا۔ مظاہرین نے مطالبہ کیا کہ مقتول کے قاتلوں کو فوری گرفتار کیا جائے، جبکہ لواحقین کا کہنا ہے کہ گرفتاری تک دھرنا جاری رہے گا۔ مقتول کے بیٹے کے مطابق ان کے والد نماز پڑھ کر باہر نکلے تھے کہ موٹر سائیکل سوار ملزمان نے ان پر چار فائر کیے، جس کے نتیجے میں وہ جاں بحق ہو گئے۔ ان کا کہنا تھا کہ والد کی کسی سے کوئی دشمنی نہیں تھی، سمجھ نہیں آتا کہ انہیں کیوں قتل کیا گیا۔ مقتول کے بیٹے نے پولیس سے اپیل کی کہ واقعے کا سراغ لگا کر ملزمان کو گرفتار کیا جائے۔ لواحقین نے واضح کیا کہ وہ والد کے قاتلوں کی گرفتاری اور انصاف ملنے تک لاش کے ہمراہ احتجاج جاری رکھیں گے۔ سہراب گوٹھ کے ایوب گوٹھ میں فائرنگ سے جاں بحق ہونے والے 60 سالہ حاجی جمعہ خان کے قتل کے خلاف اہلخانہ اور

(بقیہ 28 اندرونی صفحہ 2 پر)



01

فراہم کرنا حکومت کی اولین ترجیحات میں شامل ہے۔تقریب سے خطاب کرتے ہوئے وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ حکومت نوجوانوں کو ڈیجیٹل دنیا میں اپنی صلاحیتیں منوانے کے مواقع فراہم کررہی ہے۔ ہم تمام نوجوانوں کو سرکاری ملازمتیں فراہم نہیں کرسکتے، تاہم ہماری کوشش ہے کہ انہیں ایسے ہنر اور مواقع دیے جائیں جن کے ذریعے وہ اپنے علاقوں میں رہتے ہوئے باعزت روزگار کماسکیں اور دوسروں کے لیے بھی روزگار کے مواقع پیدا کریں۔انہوں نے کہا کہ صوبائی حکومت اپنی یوتھ پالیسی کے تحت نوجوانوں کو ترقی کے عمل میں بھرپور انداز میں شامل کرے گی، ہماری خواہش ہے کہ بلوچستان کا نوجوان کسی کا محتاج بننے کے بجائے اپنی صلاحیتوں کی بنیاد پر خود روزگار حاصل کرے اور معاشی طور پر خود مختار بنے۔انہوں نے کہا کہ حکومت کی جانب سے متعارف کرائی گئی اصلاحات کے مثبت نتائج سامنے آرہے ہیں اور میرٹ ہی کامیابی کی اصل ضمانت ہے۔وزیراعلیٰ نے کہا کہ صوبے کے تمام سرکاری محکموں کو مرحلہ وار ڈیجیٹلائز کیا جارہا ہے تاکہ سرکاری امور میں شفافیت، بہتری اور تیزی لائی جاسکے۔ ڈیجیٹلائزیشن محض ایک منصوبہ نہیں بلکہ آگے بڑھنے اور جدید دنیا کے ساتھ قدم سے قدم ملا کر چلنے کا پروگرام ہے۔میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ ہمارا نوجوان ہمارا سرمایہ ہے اور ہم نہیں چاہتے کہ بلوچستان کا نوجوان ریاست سے مایوس یا ناراض ہو، حکومت اسے ترقی کے یکساں مواقع فراہم کرنے کے لیے عملی اقدامات کررہی ہے۔انہوں نے اس عزم کا اظہار کیا کہ نوجوانوں کو جدید ٹیکنالوجی اور ڈیجیٹل مہارتوں سے لیس کرکے نہ صرف ان کے لیے روزگار کے مواقع پیدا کیے جائیں گے بلکہ انہیں دوسروں کے لیے بھی روزگار کا ذریعہ بنایا جائے گا۔

02

خانے پاکستان کے پہلے خلا باز کے خلا میں جانے کے حوالے سے نے خصوصی پیغام میں پاک چین دوستی اور دونوں ممالک کے مشترکہ خلائی عزم کو اجاگر کیا ہے۔چینی سفارت خانے کی جانب سے جاری پیغام کے ساتھ ایک مختصر ویڈیو بھی جاری کی گئی ہے، جس میں موسیقی کے ذریعے پاکستان اور چین کی دوستی، مشترکہ خوابوں اور خلائی تعاون کا خوبصورت اظہار کیا گیا ہے۔ترجمان چینی سفارت خانے کے مطابق چین اور پاکستان کی دوستی کا ایک نیا رنگ سامنے آیا ہے، جہاں خلا سے موسیقی تک دونوں ممالک کے مشترکہ خواب ایک خوبصورت نغمے میں ڈھل گئے ہیں۔چینی سفارت خانے کے ترجمان کا کہنا ہے کہ چینی اور پاکستانی خلا بازوں نے اپنے مشترکہ خوابوں کو ایک خوبصورت نغمے کی صورت دی ہے جو دونوں ممالک کے خلا بازوں کی ایک ساتھ تربیت سے لے کر خلائی سفر تک کے مشترکہ کہانی بیان کرتا ہے۔چینی سفارت خانے کے ترجمان کے مطابق چین اور پاکستان کے خلا باز ایک ہی خواب اور ایک ہی منزل کے ساتھی بن چکے ہیں، زبانوں اور پہاڑوں کی سرحدیں بھی پاک چین دوستی کی راہ میں رکاوٹ نہیں بن سکیں۔ترجمان نے مزید کہا کہ مشترکہ احساسات اور خوشیاں پاک چین دوستی کے رشتے کو مزید مضبوط بنا رہی ہیں، ایک نغمہ اور ایک خواب دونوں ممالک کی لازوال دوستی کا خوبصورت اظہار ہے، یہ پیغام امن، تعاون اور روشن مستقبل کے لئے چین اور پاکستان کے مشترکہ عزم کی عکاسی کرتا ہے۔

03

برائے منصوبہ بندی، ترقی وخصوصی اقدامات پروفیسر احسن اقبال نے آج لانچ سائٹ پر بذات خود موجود رہ کر شین ژو (Shenzhou-24) -24 خلائی مشن کی تاریخی پرواز کا مشاہدہ کیا۔ اس موقع پر انہوں نے حکومتِ پاکستان اور 26 کروڑ عوام کی نمائندگی کرتے ہوئے ملک کے پہلے خلاباز ڈاکٹر ذیشان علی کی خلائی مشن پر روانگی پر پوری قوم کو مبارکباد پیش کی۔ایک اعلیٰ سطحی پاکستانی وفد کے ہمراہ وفاقی وزیر نے شین ژو 24 -کے تینوں خلابازوں کی باوقار الوداعی تقریب میں شرکت کی، جہاں صبح سویرے ہزاروں افراد اس تاریخی لمحے کا مشاہدہ کرنے کے لیے جمع تھے۔ ڈاکٹر ذیشان علی کو خلائی جہاز کی جانب بڑھتے اور مدار میں روانہ ہوتے دیکھ کر پروفیسر احسن اقبال نے پوری قوم کو پاکستان کے خلائی پروگرام میں ایک نئے دور یعنی خلا کی جانب پاکستان کی *اڑان* کے آغاز پر دلی مبارکباد دی۔لانچ سائٹ سے گفتگو کرتے ہوئے وفاقی وزیر نے اس بات کو اجاگر کیا کہ ڈاکٹر ذیشان علی نہ صرف پاکستان کے پہلے خلاباز ہیں بلکہ وہ چین کے اشتراک سے خلا میں جانے والے پہلے بین الاقوامی خلاباز اور چین کے خلائی اسٹیشن پر جانے والے پہلے غیر ملکی مہمان بھی ہیں۔

04

پارلیمنٹ کے اسپیکر حافظ الدین احمد بیر بکرام پارلیمانی وفد کے ہمراہ پارلیمنٹ ہاس اسلام آباد پہنچے۔اسپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق نے اراکین قومی اسمبلی اور قومی اسمبلی کے سینئر افسران کے ہمراہ بنگلہ دیشی وفد کا استقبال کیا۔ بنگلہ دیش پارلیمنٹ کے اسپیکر حافظ الدین احمد بیر بکرام نے پارلیمنٹ ہاؤس کے سبزہ زار میں میگنولیا گرینڈی فلورا کا پودا لگایا۔اسپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق اور بنگلہ دیشی پارلیمانی وفد کے اراکین بھی اس موقع پر موجود تھے۔ پودا لگانے کے بعد پاکستان اور بنگلہ دیش کی ترقی، خوشحالی اور استحکام سمیت دونوں برادر اسلامی ممالک کے مابین دوستی اور تعاون کے فروغ کے لیے خصوصی دعا کی گئی۔ بنگلادیش کے اسپیکر حفیظ الدین احمد بیر بکرم نے وفد کے ہمراہ قومی اسمبلی کے ہال کا بھی دورہ کیا اسپیکر قومی اسمبلی نے وفد کو قومی اسمبلی ہال کے تاریخی پس منظر اور قانون سازی کے طریق کار سے آگاہ کیا۔

05

ذریعے ریفرنڈم، آئینی ترمیم یا نئے صوبے بنانا چاہتا ہے تو وہ نہیں بنیں گے، اور مجھ سے آرڈر کے ذریعے کوئی آئینی ترمیم نہیں کرائی جاسکتی، ملک کو سیاسی ری سیٹ کی ضرورت ہے، وزیراعظم شہباز شریف سب سے پہلے اتحادیوں کا اعتماد بحال کریں۔ملتان میں ورکرز کنونشن سے خطاب کرتے ہوئے بلاول بھٹو زرداری نے کہا کہ ری سیٹ پاکستان صرف 1973 کے آئین کے تحت ہی ہوسکتا ہے اور اس کے علاوہ کوئی دوسرا راستہ نہیں ہے۔انہوں نے خبردار کیا کہ موجودہ حالات میں انارکی پیدا کرنے کی کوشش کی جا رہی ہے، تاہم وہ ایسے کسی اقدام کے ساتھ کھڑے نہیں ہوں گے۔ نئے صوبوں کے قیام کے حوالے سے بات کرتے ہوئے چیئرمین پیپلز پارٹی نے واضح کیا کہ آئین میں نئے صوبے بنانے کا باقاعدہ طریقہ کار موجود ہے۔ انہوں نے کہا کہ سرائیکی صوبے کے قیام کے لیے کئی سالوں تک پارلیمانی جدوجہد کی گئی اور اس کی حمایت کے پیچھے ٹھوس آئینی منطق موجود ہے۔ بلاول بھٹو زرداری نے کہا کہ سرائیکی صوبے کی قرارداد پنجاب اسمبلی سے مشترکہ طور پر منظور ہوچکی ہے اور اس کے لئے مکمل طور پر آئینی راستہ اپنایا گیا ہے، جبکہ دوسری جانب سندھ اسمبلی اور عوامی نمائندوں نے سندھ کی تقسیم کو مسترد کیا ہے۔ بلاول بھٹو نے کہا کہ وہ فی الحال کچھ باتیں ادھوری چھوڑ رہے ہیں۔

06

مفادات کی بنیاد پر استوار ہونے چاہئیں۔انہوں نے کہا کہ پاکستان بنگلا دیش کے ساتھ تعلقات کو خصوصی اہمیت دیتا ہے، دونوں ممالک مشترکہ تاریخ اور ثقافتی روابط رکھتے ہیں۔صدر مملکت کا کہنا تھا کہ پاکستان اور بنگلا دیش کے درمیان پارلیمانی، تجارتی اور تعلیمی تعاون بڑھانے کے وسیع امکانات موجود ہیں، زراعت، صنعت، فوڈ سیکیورٹی، ڈیزاسٹر مینجمنٹ، ڈیجیٹل گورننس اور دفاع کے شعبوں میں بھی دوطرفہ تعاون کو فروغ دیا جاسکتا ہے۔آصف علی زرداری نے اُمید ظاہر کی کہ دونوں ممالک کے درمیان زیر غور تقریباً 26 مفاہمتی یادداشتوں کو جلد حتمی شکل دے دی جائے گی، اُنہوں نے بنگلا دیشی پارلیمنٹ کے سپیکر کے دورہ پاکستان کو دوطرفہ تعلقات میں مزید پیش رفت کا ذریعہ قرار دیا۔دوسری جانب صدر مملکت نے پارلیمانی روابط مضبوط بنانے اور دونوں ممالک کے درمیان پارلیمانی فرینڈ شپ گروپ قائم کرنے کی کوششوں کا بھی خیر مقدم کیا۔

07

سرمایہ کاری راغب کرنے کے لیے ترجیحی اقدامات کر رہی ہے۔انہوں نے اسپیشل ٹیکنالوجی زونز کی اتھارٹی کے تحت چلنے والے تمام آپریشنل آئی ٹی پارکس کا تھرڈ پارٹی آڈٹ کرانے کے لیے کمیٹی تشکیل دینے کی ہدایت کی۔شہباز شریف نے ہدایت کی کہ اسپیشل ٹیکنالوجی زونز کو ٹیکنالوجی اور آئی ٹی برآمدات کے فروغ کے مراکز کے طور پر ترقی دی جائے۔انہوں نے اسپیشل ٹیکنالوجی زونز اتھارٹی کے تحت ٹیکنالوجی کمپنیوں کے قیام سے متعلق دفعات کے ممکنہ غلط استعمال کو روکنے کے لیے قانون کا جائزہ لینے کی بھی ہدایت کی۔

08

باعث ہے۔ اپنے پیغام میں انہوں نے کہا کہ ذیشان علی کی خلائی کامیابی پاکستان کے لئے باعثِ فخر اور تاریخی اعزاز ہے۔ پاکستانی نوجوان نے چین کے تیانگونگ خلائی اسٹیشن تک رسائی حاصل کرکے تاریخ رقم کردی۔ ذیشان علی کا خلائی مشن پاک چین دوستی اور باہمی تعاون کی نئی بلندیوں کا مظہر ہے۔ وفاقی وزیر مواصلات نے کہا کہ سائنس وٹیکنالوجی کے میدان میں پاکستان اور چین کا تعاون نئی تاریخ رقم کر رہا ہے۔ پاکستانی صلاحیتوں کا اعتراف خلائی تحقیق کے عالمی میدان میں ایک اہم سنگِ میل ہے۔ پاک چین لازوال دوستی اب زمین کی حدود سے نکل کر خلا تک پہنچ گئی ہے۔عبدالعلیم خان نے کہا کہ ذیشان علی کی تاریخی کامیابی پاکستان کے روشن مستقبل اور نوجوانوں کی صلاحیتوں کی عکاس ہے۔

09

شریف سے وفاقی وزیر ڈاکٹر مصدق ملک نے ملاقات کی جس میں انہوں نے وزیراعظم کو اپنے حالیہ دورہ بھارت اور ایس سی او تہذیبی مکالمے میں ہونے والی گفتگو سے تفصیلی طور پر آگاہ کیا۔ملاقات کے دوران گفتگو کرتے ہوئے وزیراعظم شہباز شریف نے ایس سی او اجلاس میں ڈاکٹر مصدق ملک کے انداز بیاں اور اردو زبان کے استعمال کی تعریف کی۔وزیراعظم کا کہنا تھا کہ ڈاکٹر مصدق ملک نے مکالمے میں پاکستان کی بھرپور نمائندگی کرتے ہوئے تاریخ اور زمینی حقائق کو بہترین انداز میں دنیا کے سامنے پیش کیا۔انہوں نے مزید کہا کہ ڈاکٹر مصدق ملک نے خطے میں پاکستان کے مثبت تاثر اور تشخص کو اجاگر کرنے کے لئے تحمل اور فکری صراحت پر مبنی سفارتکاری کا ایک نیا معیار متعارف کروایا ہے جو انتہائی قابل تعریف ہے۔

10

خلاباز کی خلا میں روانگی سے پوری قوم کے سر فخر سے بلند ہوگئے۔لوگوں نے کہا کہ خلا باز ذیشان علی کی کامیابی آنے والی نسلوں کے لئے بڑے خواب دیکھنے کا حوصلہ ہے، پاکستانی خلا باز کا یہ تاریخی مشن نوجوانوں میں سائنس اور ٹیکنالوجی کے فروغ کا ذریعہ بنے گا۔انہوں نے کہا کہ خلائی مشن میں پاکستان کی نمائندگی پاک چین دوستی اور باہمی اعتماد کی علامت ہے۔

11

رپورٹ کے مطابق پروٹیکٹر اینڈ امیگرنٹس اور پاکستان اوورسیز ایمپلائمنٹ پروموٹرز ایسوسی ایشن سے موصول ہونے والے اعداد وشمار میں یہ بات سامنے آئی کہ سال 2025 میں 7 لاکھ 63 ہزار 536 پاکستانی روزگار کے لیے بیرون ملک گئے تھے، جبکہ 2026 کے پہلے 10 ماہ میں یہ تعداد 4 لاکھ 76 ہزار 238 رہی۔اس طرح گزشتہ سال کے مقابلے میں 2 لاکھ 87 ہزار 298 پاکستانی کم بیرون ملک گئے۔اعداد وشمار کے مطابق بیرون ملک جانے والے پاکستانیوں کی ماہانہ اوسط تعداد بھی 63 ہزار 628 سے کم ہوکر 47 ہزار 623 رہ گئی ہے۔سعودی عرب پاکستانیوں کی سب سے بڑی روزگار کی منڈی ہے، جہاں 2025 میں 5 لاکھ 30 ہزار 437 پاکستانی ملازمت کے لیے گئے تھے، تاہم 20 نومبر 2026 تک یہ تعداد 2 لاکھ 94 ہزار 297 رہی۔قطر میں روزگار کے لیے جانے والے پاکستانیوں کی تعداد 68 ہزار 386 سے کم ہوکر 35 ہزار 934 جبکہ بحرین میں 37 ہزار 726 سے کم ہوکر 22 ہزار 387 رہ گئی۔ متحدہ عرب امارات میں 53 ہزار 18 پاکستانی گئے، جو 2025 کے پورے سال کی تعداد 52 ہزار 664 سے قدرے زیادہ ہے۔ پاکستان اوورسیز ایمپلائمنٹ پروموٹرز ایسوسی ایشن کے چیئرمین اطہر شاہ کے مطابق امریکہ اور ایران کے تنازع کے باعث خلیجی ممالک میں کاروباری سرگرمیاں، ترقیاتی منصوبے اور سرمایہ کاری متاثر ہوئی ہے

12

گے۔ اس منصوبے کے تحت انسٹی ٹیوٹ کے قیام کیلئے 4 پاکستانی اور چینی تعلیمی اداروں کے درمیان مفاہمتی یادداشت پر دستخط کئے گئے۔ مجوزہ انسٹی ٹیوٹ میں گوادر کے نوجوانوں کو بندرگاہ، جہاز رانی اور بحری صنعتوں سے متعلق جدید فنی تربیت دی جائے گی۔ 2026 سے 2030 تک 5 سالہ تعاون کے تحت نصاب سازی، مشترکہ تحقیق، اساتذہ کی تربیت اور عملی تعلیم پر کام ہوگا۔انسٹی ٹیوٹ میں نیویگیشن ٹیکنالوجی، میرین انجینئرنگ، بحری تحفظ اور پورٹ مشینری کے خصوصی کورسز متعارف کرائے جائیں گے۔ اس منصوبے سے گوادر اور بلوچستان کے نوجوانوں کے لیے روزگار کے مواقع بڑھائے جاسکتے ہیں۔جنید انور چوہدری نے کہا کہ پاکستان میں آبی زراعت اور سمندری سائنسی تحقیق کا فروغ ماہی گیری کے شعبہ کی پائیدار ترقی کیلئے اہم ہے۔

13

روک تھام اور تحقیقات کے نظام کو جدید تقاضوں سے ہم آہنگ کیا جائے، عوام کو سائبر جرائم سے تحفظ فراہم کرنا حکومت کی اولین ترجیحات میں شامل ہے، لہذا این سی سی آئی اے کو ایک موثر، فعال اور جدید ادارہ بنانے کے لیے تنظیم نو کا عمل تیز کیا جائے۔ وزیراعظم محمد شہباز شریف کی زیر صدارت نیشنل سائبر کرائم انویسٹیگیشن ایجنسی (این سی سی آئی اے) کی تنظیم نو کے حوالے سے اجلاس منعقد ہوا، جس میں ادارے کی کارکردگی اور مستقبل کے لائحہ عمل پر غور کیا گیا۔ اجلاس میں شہباز شریف نے نیشنل سائبر کرائم ایجنسی اور اس کے تمام ذیلی دفاتر میں آئی ٹی اور اے آئی کے شعبے سے وابستہ ماہرین کو تعینات کرنے کی ہدایت کی۔انہوں نے کہا کہ این سی سی آئی اے میں میرٹ کی بنیاد پر بہترین افرادی قوت کی خدمات حاصل کی جائیں۔ وزیراعظم نے ہدایت کی کہ اس ادارے کی تنظیم نو میں اے آئی اور جدید ٹیکنالوجی کے استعمال پر توجہ مرکوز کی جائے، نیز سائبر کرائم کے زیر التوا مقدمات کے حل کیلئے تمام وسائل بروئے کار لائے جائیں۔وزیراعظم نے این سی سی آئی اے کی جانب سے پیش کی گئی اصلاحات کی سفارشات پر غور کرنے کیلئے وفاقی وزرا محسن نقوی، اعظم نذیر تارڑ، محمد اورنگزیب اور شزا فاطمہ خواجہ پر مشتمل کمیٹی بنانے کے احکامات جاری کیے، جو رواں ہفتے کے آخر تک اپنی سفارشات وزیراعظم کو پیش کرے گی۔اجلاس میں این سی سی آئی اے کی تنظیم نو کے حوالے سے سفارشات پیش کی گئیں۔ بریفنگ میں بتایا گیا کہ این سی سی آئی اے کو قومی سطح کی پاکستان سائبر پولیس میں تبدیل کرنے کی تجویز ہے، جس کے لئے بہترین افرادی قوت میرٹ کی بنیاد پر رکھی جائے گی۔ بریفنگ میں مزید بتایا گیا کہ سائبر کرائم کے ضمن میں نیشنل سیکیورٹی کے لئے مخصوص نظام فعال ہو چکا ہے۔موجودہ نظام کے تحت سائبر کرائم کیسز کے حل کے لیے حتی المقدور اقدامات کیے جا رہے ہیں۔ اجلاس میں این سی سی آئی اے کی کارکردگی، انتظامی ڈھانچے اور مستقبل کے لائحہ عمل پر بھی غور کیا گیا۔اجلاس میں وفاقی وزرا اعظم نذیر تارڑ، ڈاکٹر مصدق مسعود ملک، احد خان چیمہ، محمد اورنگزیب، سید محسن رضا نقوی، وزیر مملکت برائے داخلہ طلال چوہدری، وزیر مملکت برائے خزانہ بلال اظہر کیانی اور متعلقہ اداروں کے اعلیٰ افسران شریک تھے۔

14

تعداد چار گنا اضافے سے 20 لاکھ سے متجاوز اور سالانہ ڈیجیٹل لین دین کا حجم بڑھ کر 16 ارب تک پہنچ گیا ہے۔ بدھ کو سوشل میڈیا پلیٹ فارم ایکس پر بیان میں انہوں نے کہا کہ کیش لیس پاکستان قومی ترجیح ہے جس کی قیادت وزیراعظم محمد شہباز شریف کر رہے ہیں۔ان کا کہنا تھا کہ جون 2025 سے اب تک ڈیجیٹل معیشت کی جانب منتقلی کے لیے اہم کامیابیاں حاصل کی گئی ہیں جن سے ملک میں ڈیجیٹل ادائیگیوں کے فروغ اور مالیاتی خدمات تک رسائی میں نمایاں بہتری آئی ہے۔انہوں نے کہا کہ چھوٹے کاروباری مراکز اور تاجروں کے ہاں فعال ڈیجیٹل ادائیگیوں کے مراکز کی تعداد 5 لاکھ سے بڑھ کر 20 لاکھ سے تجاوز کرگئی ہے جو چار گنا اضافہ ہے، اسی طرح ڈیجیٹل بینکنگ صارفین کی تعداد تقریباً 9 کروڑ 50 لاکھ سے بڑھ کر 14 کروڑ ہوگئی ہے جبکہ سالانہ ڈیجیٹل لین دین کا حجم دوگنا سے زیادہ اضافے کے بعد 16 ارب تک پہنچ گیا ہے۔ بلال اظہر کیانی نے کہا کہ بینظیر انکم سپورٹ پروگرام کے تمام ایک کروڑ مستحقین کے لیے ان کی اپنی سموں سے منسلک انفرادی ڈیجیٹل والٹس قائم کر دیے گئے ہیں اور انہیں سماجی تحفظ کی رقوم براہ راست ان والٹس میں موصول ہونا شروع ہوگئی ہیں۔انہوں نے بتایا کہ مرکزی اور خود حسابات رکھنے والے سرکاری اداروں کی 76 فیصد ادائیگیاں ڈیجیٹل ہوچکی ہیں اور راست کے ذریعے انجام دی جارہی ہیں۔ان کا کہنا تھا کہ نادرا کے سروس مراکز پر ہونے والی 99 فیصد ادائیگیاں اب ڈیجیٹل طریقے سے کی جارہی ہیں جس کے نتیجے میں نقد ادائیگیوں کا تناسب 71 فیصد سے کم ہوکر صرف ایک فیصد رہ گیا ہے۔وزیر مملکت نے کہا کہ فوری اور مفت ڈیجیٹل ادائیگیوں کے لیے راست کیو آر کوڈز بجلی اور گیس کے ماہانہ 5 کروڑ 10 لاکھ سے زائد بلوں پر دستیاب ہیں جس سے صارفین کو ڈیجیٹل ادائیگیوں کی سہولت میسر آرہی ہے۔انہوں نے کہا کہ وزیراعظم کی سربراہی میں قائم کمیٹی اس قومی ایجنڈے پر سرگرم عمل ہے جس میں وفاقی وزرا اور سرکاری حکام کے علاوہ سٹیٹ بینک پاکستان، پاکستان بینکس ایسوسی ایشن، فن ٹیک ادارے اور کرنڈ از پاکستان شامل ہیں، تمام متعلقہ اداروں کی مشترکہ توجہ ڈیجیٹل ادائیگیوں کے استعمال میں تیزی لانے، ڈیجیٹل عوامی بنیادی ڈھانچے کو مضبوط بنانے اور شہریوں و کاروباری اداروں کے لیے ڈیجیٹل ادائیگیوں کی سہولت، شفافیت اور رسائی بہتر بنانے پر مرکوز ہے۔ بلال اظہر کیانی نے کہا کہ حکومتی ادائیگیوں کے شعبے میں وفاقی اور صوبائی حکومتوں کی تمام ادائیگیوں کو صرف ڈیجیٹل طریقے سے انجام دینے کے لیے کام جاری ہے، اس کے ساتھ یہ بھی یقینی بنایا جارہا ہے کہ پاکستان میں کسی بھی سرکاری خدمت کے لیے ادائیگی کرنے والے ہر شہری کو کم از کم ایک ڈیجیٹل ادائیگی کا طریقہ دستیاب ہو۔

15

ناروے دوستی گروپ کے چیئرمین فرخ قریشی، ڈپٹی چیئرپرسن ٹرائن لیز سنڈنس، رکن پارلیمنٹ ہمانشو گلانی، سابق ارکان پارلیمنٹ خالد محمود اور لارس رائز سمیت دیگر معزز مہمانوں نے شرکت کی۔استقبالیے میں پاکستان اور ناروے کے دوطرفہ تعلقات، پارلیمانی تعاون اور اہم علاقائی و عالمی امور پر تبادلہ خیال کیا گیا۔شرکا نے موجودہ علاقائی اور عالمی چیلنجز کے تناظر میں کشیدگی میں کمی، مذاکرات اور تنازعات کے پرامن حل کی ضرورت پر زور دیا۔دونوں ممالک کی پارلیمانی کمیٹیوں کے سربراہان نے باہمی دلچسپی کے امور پر گفتگو کرتے ہوئے پاکستان اور ناروے کے دیرینہ دوستانہ تعلقات کو مزید مستحکم بنانے، مسلسل رابطوں، باہمی افہام وتفہیم اور پارلیمانی روابط میں اضافے کی اہمیت اجاگر کی۔ملاقات میں پاکستان اور ناروے کے درمیان دوستی وتعاون کو فروغ دینے اور عالمی امن واستحکام کے لیے مشترکہ کوششیں جاری رکھنے کے عزم کا اعادہ بھی کیا گیا۔

16

2025-26 میں پاکستان کی سمندری غذائی مصنوعات کی برآمدات 568 ملین ڈالر تک پہنچ گئیں۔مجموعی پیداوار میں سمندری ماہی گیری کا حصہ 4 لاکھ 27 ہزار 180 ٹن جبکہ اندرونِ ملک آبی ذخائر سے 2 لاکھ 15 ہزار ٹن مچھلی حاصل کی گئی ہے۔وفاقی وزیر بحری امور جنید انور چوہدری نے پاکستان کے ماہی گیری کے شعبے کو جدید خطوط پر استوار کرنے پر زور دیا ہے۔انہوں نے کہا کہ جدید ٹیکنالوجی، تکنیکی تربیت اور بہتر سہولیات سے ماہی گیری کے شعبے میں روزگار کے مواقع بڑھائے جاسکتے ہیں۔جنید انور چوہدری نے کہا کہ پاکستان میں آبی زراعت اور سمندری سائنسی تحقیق کا فروغ ماہی گیری کے شعبہ کی پائیدار ترقی کیلئے اہم ہے۔

17

کی جانب سے 29 مقدمات میں بانی پی ٹی آئی کی موجودگی میں شامل تفتیش کیے جانے کی استدعا کی گئی، عدالت نے عبوری ضمانتوں کی درخواست کی سماعت 9 دسمبر تک ملتوی کردی۔ بشریٰ بی بی کے وکیل محمد فیصل ملک پر مشتمل لیگل ٹیم عدالت میں پیش ہوگئی، پراسیکیوشن ٹیم کمرہ عدالت میں موجود تھی۔ عدالت نے عبوری ضمانتوں کی درخواست کی سماعت 9 دسمبر تک ملتوی کردی جبکہ بشریٰ بی بی کی عبوری ضمانتوں میں 9 دسمبر تک توسیع کردی۔سماعت انسداد دہشتگردی کی خصوصی عدالت کے جج امجد علی شاہ نے کی۔

18

کے لیے چین کا دورہ کر رہا ہے۔وفد کی قیادت رکن قومی اسمبلی رانا ارادت شریف خان کر رہے ہیں جبکہ پنجاب ینگ پارلیمنٹیرینز فورم کی صدر اور رکن پنجاب اسمبلی آمنہ حسن شیخ بھی وفد میں شامل ہیں۔وفد میں صوبائی اسمبلیوں کے اراکین سلطان باجوہ، اسامہ فضل، رانا شہریار، حیدر سلطان، قاسم ندیم، رکن قومی اسمبلی عثمان اویسی اور شمائلہ رانا بھی شامل ہیں۔ 11 روزہ تربیتی پروگرام 3 دسمبر تک جاری رہے گا جس میں پاکستانی نوجوان رہنماں کو جدید طرز حکمرانی، چینی ترقیاتی ماڈل، معاشرتی نظام اور قدرتی آفات سے بچا کے حوالے سے تربیت دی جائے گی۔پروگرام کے تحت وفد چین آسیان مصنوعی ذہانت مرکز، ہواوے کے علاقائی ہیڈکوارٹر اور روبوٹکس مراکز کا دورہ بھی کرے گا جبکہ جدید زراعت اور صحت کے مراکز کا مشاہدہ بھی پروگرام کا حصہ ہے۔دورے کا مقصد پاکستانی نوجوان قیادت کو جدید ٹیکنالوجی اور بہتر حکومتی نظام کے تجربات سے روشناس کرانا ہے، تاکہ پاکستان اور چین کے تعلقات مزید مضبوط بنانے کے ساتھ ڈیجیٹل ترقی، جدت اور مصنوعی ذہانت کے ذریعے پاکستان کی پائیدار ترقی کے نئے مواقع پیدا کیے جاسکیں۔

19

بین الحکومتی کمیشن کے گیارہویں اجلاس کے پروٹوکول اور 2026 سے 2030 تک کے اقتصادی تعاون کے پروگرام پر دستخط کیے گئے۔ پاکستان اور روس نے پاکستان اور یوریشین اقتصادی یونین کے درمیان آزاد تجارتی معاہدے کے لیے مشترکہ فزیبلٹی اسٹڈی کی تکمیل کا خیر مقدم کیا۔ پاکستان کی ٹریڈ ڈیولپمنٹ اتھارٹی اور ماسکو ایکسپورٹ سینٹر ترجیحی شعبوں میں دونوں ممالک کے کاروباری حلقوں کے درمیان براہِ راست روابط کو فروغ دیں گے، دونوں ممالک نے اپنے خصوصی اقتصادی زونز میں سرمایہ کاری کے لیے دستیاب مراعات سے متعلق معلومات کے تبادلے پر بھی اتفاق کیا۔اجلاس میں توانائی کے شعبے میں تعاون کو خصوصی اہمیت دی گئی، دونوں ممالک نے تیل وگیس کی تلاش، مائع قدرتی گیس)ایل این جی (کی فراہمی اور گیس کی تقسیم کے شعبوں میں تعاون بڑھانے پر اتفاق کیا۔ پاکستان اپنے خشکی اور سمندری علاقوں میں تیل وگیس کی تلاش کے لیے دستیاب سرمایہ کاری کے مواقع سے روسی کمپنیوں کو آگاہ کرے گا۔دونوں ممالک توانائی کے مؤثر استعمال کے معیارات اور کم توانائی استعمال کرنے والے کولڈ سٹوریج مراکز کے شعبوں میں بھی تعاون کو فروغ دیں گے۔ صنعتی شعبے میں دونوں ممالک نے دھات سازی، بھاری گاڑیوں، زرعی مشینری اور معدنیات کی تلاش کے شعبوں میں مشترکہ تعاون کے مواقع کی نشاندہی کی۔صحت اور ادویہ سازی کے شعبوں میں انسولین کی مقامی سطح پر پیداوار، ادویات کی طبی آزمائشوں اور ادویات کی رجسٹریشن کے طریقہ کار کو آسان بنانے کے حوالے سے تعاون آگے بڑھانے پر اتفاق کیا گیا۔دونوں ممالک نے زرعی تجارت میں اضافے کے ساتھ مویشیوں کی افزائش نسل، جانوروں کی ویکسین، ماہی گیری، آبی حیات کی افزائش اور زرعی مصنوعات کی قدر میں اضافے کے شعبوں میں تعاون مضبوط بنانے پر اتفاق کیا۔پاکستان اور روس نے ٹرانسپورٹ اور لاجسٹکس کے شعبے میں تعاون بڑھاتے ہوئے پاکستان سے روس کے لیے پہلی آزمائشی مال بردار ٹرین جلد چلانے کے لیے کام کرنے پر اتفاق کیا۔دونوں ممالک ریلوے کے بنیادی ڈھانچے کی ترقی، پاکستان ریلوے کے افسران کی پیشہ ورانہ تربیت، جدید ذہین ٹرانسپورٹ نظام اور سڑکوں کے بنیادی ڈھانچے کو جدید بنانے کے شعبوں میں بھی تعاون کریں گے۔اجلاس میں تعلیم، انفارمیشن ٹیکنالوجی اور سائنسی تعاون کے شعبوں میں بھی اہم پیش رفت ہوئی۔دونوں ممالک نے اعلیٰ تعلیم، سائنسی وتکنیکی تعاون اور تعلیمی اسناد کو تسلیم کرنے سے متعلق تین بین الحکومتی معاہدوں کی منظوری کا عمل تیز کرنے پر اتفاق کیا، جبکہ پاکستانی اور روسی یونیورسٹیوں کے درمیان نئی شراکت داریوں کی حوصلہ افزائی کی جائے گی۔روس نے پاکستانی طلبہ کے لیے روسی حکومت کی جانب سے فراہم کی جانے والی اسکالرشپس کے کوٹے میں بھی اضافہ کردیا ہے۔وفاقی وزیر توانائی سردار اویس احمد خان لغاری نے پاک روس بین الحکومتی کمیشن کے گیارہویں اجلاس کے کامیاب اختتام کو پاکستان کی اقتصادی اور توانائی شراکت داری میں تنوع اور وسعت لانے کی کوششوں میں اہم پیش رفت قرار دیا۔انہوں نے کہا کہ 2026 سے 2030 تک کے اقتصادی تعاون کا پروگرام پاکستان میں روسی سرمایہ کاری کی نئی راہیں کھولے گا، خصوصاً توانائی، صنعت اور زراعت کے شعبوں میں سرمایہ کاری کے نئے مواقع پیدا ہوں گے، جبکہ پاکستانی برآمد کنندگان کو بھی مزید مواقع میسر آئیں گے۔اویس لغاری نے کہا کہ دوطرفہ تعاون کو عملی اقتصادی فوائد میں تبدیل کرنا، توانائی کے تحفظ کو مضبوط بنانا، صنعتی ترقی کو فروغ دینا اور علاقائی رابطوں کو وسعت دینا پاکستان کی ترجیحات ہیں۔انہوں نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ حکومت پاکستان باہمی مفادات پر مبنی ایسی شراکت داری کو فروغ دینے کے لیے پرعزم ہے جو ملک کی طویل مدتی اقتصادی ترقی میں معاون ثابت ہو۔اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے وزیراعظم پاکستان کے معاون خصوصی ہارون اختر خان نے کہا کہ پاکستان اور روس کے درمیان مالیاتی لین دین کی رکاوٹیں دور کرنے کے حوالے سے اہم پیش رفت ہوئی ہے۔انہوں نے کہا کہ تجارت، صنعتی تعاون، اسٹیل اور دیگر مشترکہ منصوبوں کو آگے بڑھانے کے لیے ایسا مالیاتی نظام قائم کرنا ضروری ہے جو دونوں ممالک کے لیے محفوظ اور قابلِ عمل ہو۔ہارون اختر خان نے کہا کہ جب تک مالیاتی لین دین کی رکاوٹیں دور نہیں ہوتیں، دوطرفہ اقتصادی اور تجارتی تعاون کی رفتار سست رہے گی، تاہم روسی حکام کے ساتھ ہونے والی ملاقات میں اس حوالے سے اہم پیش رفت ہوئی ہے۔انہوں نے کہا کہ وزیراعظم شہباز شریف کا پختہ یقین ہے کہ پاکستان اور روس کے درمیان دوطرفہ تجارت کو مختصر مدت میں دوگنا بلکہ چار گنا تک بڑھایا جاسکتا ہے اور دونوں ممالک کے درمیان اس کی بھرپور صلاحیت موجود ہے۔ہارون اختر خان نے بتایا کہ مالیاتی مسائل کے حل کے لیے روڈ میپ تیار کرلیا گیا ہے، اقدامات کی تکمیل کی مدت کا تعین بھی کردیا گیا ہے اور ملاقات کے فوراً بعد اس پر کام شروع کردیا گیا ہے۔ پاکستان کے وفاقی سیکرٹری خزانہ امداد اللہ بوسال نے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ گزشتہ تین سے چار ماہ کے دوران پاکستان اور روس کے درمیان مالیاتی لین دین کے مختلف طریقہ کار اور تجاویز پر مذاکرات جاری رہے ہیں۔انہوں نے بتایا کہ دو روز قبل ہونے والے مذاکرات میں مختلف تجاویز کا جائزہ لینے کے بعد چار ممکنہ آپشنز منتخب کیے گئے ہیں، جن پر آئندہ دنوں میں مزید کام کیا جائے گا۔امداد اللہ بوسال نے کہا کہ مرکزی بینک آئندہ چند روز میں متعلقہ تجاویز پر اپنا جواب دے گا، جبکہ دیگر آپشنز پر دونوں ممالک کے متعلقہ حکام قریبی تعاون کے ذریعے کام کریں گے۔انہوں نے امید ظاہر کی کہ آئندہ چند ہفتوں میں پاکستان اور روس کے درمیان مالیاتی لین دین کے لیے ایک پائیدار اور قابلِ عمل طریقہ کار کو حتمی شکل دے دی جائے گی۔گورنر اسٹیٹ بینک آف پاکستان جمیل احمد نے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ پاکستان اور روس کے درمیان مالیاتی لین دین کے لیے زیر غور مختلف تجاویز کا جائزہ لینے کے بعد ان کی ترجیحات کا تعین کرلیا گیا ہے۔انہوں نے کہا کہ پہلے ترجیحی آپشن پر کام کیا جائے گا، جس کے بعد دیگر آپشنز کو بھی آگے بڑھایا جائے گا۔ آئندہ چند روز میں متعلقہ حکام کے ساتھ مزید رابطوں کے بعد اس عمل کو تیزی سے آگے بڑھایا جائے گا۔اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے ڈپٹی وزیر برائے اقتصادی امور نے کہا کہ زیر بحث مسئلے کے حل سے متعلق معاملے کو بین الحکومتی کمیشن کے پروٹوکول میں بھی شامل کیا گیا ہے۔ دونوں ممالک نے باہمی طور پر قابلِ قبول حل تلاش کرنے کے لیے مذاکرات جاری رکھنے پر اتفاق کیا ہے۔انہوں نے امید ظاہر کی کہ پاکستان اور روس کے درمیان موجود مثبت ماحول اور باہمی مفاہمت کے جذبے کے تحت اس مسئلے کو حل کرلیا جائے گا۔ بین الحکومتی کمیشن نے قدرتی آفات سے نمٹنے، ثقافت، سیاحت اور کھیلوں کے شعبوں میں تعاون کو مزید مضبوط بنانے پر بھی اتفاق کیا۔دونوں ممالک نے دوطرفہ تعلقات کے استحکام کے لیے عوامی سطح پر روابط کی اہمیت پر زور دیا۔پاکستان اور روس کے وزرائے توانائی نے اجلاس کے نتائج پر اطمینان کا اظہار کرتے ہوئے طے شدہ اقدامات پر مؤثر عمل درآمد کے عزم کا اعادہ کیا۔اعلامیے کے مطابق 2026 سے 2030 تک کے اقتصادی تعاون کے پروگرام پر دستخط دونوں ممالک کے درمیان طویل مدتی اقتصادی تعاون کو ادارہ جاتی بنیادوں پر استوار کرنے اور دوطرفہ تعلقات میں موجود وسیع امکانات کو عملی اور باہمی فائدہ مند نتائج میں تبدیل کرنے کی جانب اہم قدم ہے۔اجلاس میں اس بات پر بھی اتفاق کیا گیا کہ پاکستان اور روس کے بین الحکومتی کمیشن کا بارہواں اجلاس 2027 میں پاکستان میں منعقد ہوگا۔

20

گفتگو میں لطیف کھوسہ نے کہا کہ بانی پی ٹی آئی اور بشریٰ بی بی کی صحت اور رہائشی سہولیات پر رپورٹ پیش کی۔انہوں نے کہا کہ بانی پی ٹی آئی کیلیے ڈاکٹروں کا میڈیکل بورڈ جیل لے جایا گیا، طبی معائنہ بھی کروایا گیا، بانی پی ٹی آئی کے طبی معائنے اور علاج سے متعلق رپورٹس ہمیں بھی دی جائیں۔پی ٹی آئی کے وکیل رہنما نے مزید کہا کہ اپنے معالجین کی مشاورت سے طبی رپورٹس کا جائزہ لے کر کمی کوتاہی کی نشاندہی کریں گے۔ان کا کہنا تھا کہ عدالت نے بانی سے فالواپ ملاقات اور بشریٰ بی بی سے ملاقات کی اجازت دے دی، بانی اور بشریٰ بی بی کی صحت انسانی مسئلہ ہے، مقدمے سے الگ دیکھنا چاہیے۔سردار لطیف کھوسہ نے یہ بھی کہا کہ عدالتی تحویل میں قیدی کی صحت اور علاج معالجے کی نگرانی عدالت کی ذمہ داری ہے، 190 ملین پاؤنڈ کیس میں بانی پی ٹی آئی کو ایک دن بھی قید نہیں ہونی چاہیے تھی۔

21

تحقیقات کرے گی۔ذرائع کے مطابق ٹیم معلوم کرے گی کہ کس ائیر پورٹ سے افراد بیرون ملک گئے؟ ٹیم کشتی حادثے کا نشانہ بننے والے افراد کے لواحقین سے ملاقات کرے گی۔ذرائع کے مطابق ایف آئی اے نے کوائف، سفری دستاویزات پر حکام سے رابطہ کرلیا۔

22

خلاباز ذیشان علی بھی شامل ہیں، اس تاریخی لمحے کے حوالے سے اپنے جذبات کو الفاظ میں بیان کرنا ممکن نہیں ہے۔احسن اقبال کا کہنا تھا کہ پاکستانی قوم ٹی وی اسکرینز پر یہ یادگار لمحات دیکھ رہی ہے، پوری قوم کو اپنے ہیرو پر فخر ہے جو چینی خلابازوں کے ہمراہ خلائی مشن پر روانہ ہورہے ہیں۔وفاقی وزیر نے کہا کہ یہ تاریخی لمحہ پاکستان کی تاریخ میں ہمیشہ یاد رکھا جائے گا، امید ہے کہ نوجوان اس یادگار موقع کو دیکھ کر خلائی تحقیق اور خلابازی کے شعبے کی جانب راغب ہوں گے۔احسن اقبال کا مزید کہنا تھا کہ یہ پاکستان کے لیے ایک نئے سفر کی شروعات ہے، اختتام نہیں، یہ تاریخی لمحات آنے والی نسلوں کے لیے بھی حوصلے اور تحریک کا ذریعہ بنیں گے۔انہوں نے کہا کہ چین کے ہزاروں افراد صبح سویرے یہاں جمع ہوئے، یہ تاریخ رقم ہونیکا لمحہ اور ایک خواب کی تعبیر ہے، 18-2017 میں چینی دوستوں سے بار بار کہتا تھا کہ سی پیک کے تحت تعاون کو خلا تک وسعت دینی چاہیے، چینی خلائی مشن پر پاکستانی خلاباز ہمارا اگلا قدم ہونے خواب آج حقیقت بن گیا ہے۔احسن اقبال نے کہا کہ میں پہلے پاکستانی خلاباز ذیشان علی کو اپنے خلائی جہاز کی جانب بڑھتے دیکھ رہا ہوں، ہمارے سفارتی تعلقات کی 75 ویں سالگرہ پر اس سے بہتر کوئی تحفہ نہیں ہوسکتا تھا، پاک چین دوستی زندہ باد!۔

23

ہیں۔انہوں نے کہا کہ وائرل ہونے والے مواد کا مالی فوائد سے جوڑنے کے باعث سوشل میڈیا پر منفی رجحانات کو تقویت مل رہی ہے، سوشل میڈیا پلیٹ فارم خواتین کی عزت، وقار اور نجی زندگی کے تحفظ میں ناکام دکھائی دیتا ہے۔وفاقی وزیر اطلاعات ونشریات کا کہنا تھا کہ بعض عناصر انتہا پسندانہ نظریات کو فروغ دے رہے ہیں، بعض عناصر انتہا پسندانہ نظریات اور ممنوعہ تنظیموں کے بیانیے کو فروغ دے رہے ہیں۔عطا تارڑ نے کہا کہ ٹک ٹاک پر مصنوعی ذہانت سے تیار کردہ مواد کیساتھ اے آئی لیبل لگانا لازمی قرار دیا گیا ہے، پاکستان میں مثبت اور تعمیری مواد تخلیق کرنے کی بے پناہ صلاحیت موجود ہے۔اُن کا مزید کہنا تھا کہ حکومت سوشل میڈیا پلیٹ فارمز کیساتھ ملک رمشترکہ طور پر کام کرنے کی خواہاں ہے۔

24

بینچ میں شامل تھے۔عدالت عظمیٰ نے متعلقہ سب رجسٹرار اور ریونیو حکام کو ریکارڈ درست کرنے جبکہ شوہر کو بیوی کو پانچ لاکھ روپے عدالتی اخراجات ادا کرنے کا حکم دیا۔ عدالت نے پانچ لاکھ روپے اخراجات 30 روز میں ادا کرنے کی ہدایت بھی کی۔تحریری فیصلے میں کہا گیا کہ محض رجسٹرڈ گفٹ ڈیڈ اور انتقال جائیداد کی ملکیت ثابت نہیں کرتے، ہبہ کے لیے اعلان، قبولیت اور قبضے کی منتقلی بنیادی شرائط ہیں، شوہر گھر کا ہبہ قبول کرنے کا ثبوت پیش نہ کر سکا۔گفٹ ڈیڈ پر صرف بیوی کے دستخط اور انگوٹھے کا نشان تھا، شوہر کے دستخط موجود نہیں تھے جبکہ گفٹ ڈیڈ میں گواہوں کے دستخط کی جگہ خالی تھی، شناخت کنندہ بھی پیش نہ ہوا۔سپریم کورٹ کے فیصلے کے مطابق شوہر نے صلح کے لیے گھر اپنے نام منتقل کرنے کی شرط رکھی تھی، صلح کے بدلے گھر کی منتقلی آزادانہ اور بلاعوض ہبہ نہیں، بیوی اپنی جائیداد کی مکمل اور آزادانہ مالک ہے، شوہر کو خود بخود کوئی حق حاصل نہیں۔عدالتی فیصلے کے مطابق شوہر نے بچوں کے نام گھر منتقل کرنے سے متعلق سوال پر کہا کہ وہ بچوں کا مالک نہیں، باپ کا بچوں سے تعلق کوئی ملکیتی دستاویز نہیں جس سے انکار کیا جاسکے، خاتون کو اپنے گھر کے تحفظ کے لیے 28 سال سے زائد عدالتی جنگ لڑنا پڑی۔سپریم کورٹ نے 1994 کی گفٹ ڈیڈ اور انتقال بیوی کے خلاف بے اثر قرار دے دیا۔

25

اے کے دو پلوں اور ملوپا شیڈ کے افتتاح کے موقع پر عبدالعلیم خان نے کہا کہ گلگت بلتستان کی دشوار گزار شاہراہوں کو بہتر بنائیں گے۔ ملوپا میں شیڈ لگانے سے لینڈ سلائیڈنگ میں جانی نقصان کا خطرہ کم ہوجائے گا۔اسکردو میں سیلاب کی وجہ سے تباہ ہونے والے باغیچہ پل کی تعمیر دوبارہ کی گئی۔ جگلوٹ سے سکردو تک شاہراہ پر سٹریٹ لائٹس لگائے جائیں گے۔ ملوپا، بروندو نالہ اور دیگر لینڈ سلائیڈنگ ایریاز میں اپر شیڈز لگانے کا آغاز ہوگیا۔وفاقی وزیر مواصلات نے باغیچہ پل کا افتتاح کیا۔ اس موقع پر سیاسی عمائدین بھی موجود تھے۔ عبدالعلیم خان نے کہا کہ این ایچ اے کے ذریعے گلگت بلتستان کی شاہراہوں کو مثالی بنانے کا عزم رکھتے ہیں۔ جگلوٹ سکردو روڈ پر مسافروں کی حفاظت کے لیے مالوپاٹل کی تعمیر کی جائے گی۔ مالوپاٹل جگلوٹ سکردو روڈ کے خطرناک لینڈ سلائیڈنگ زون سے محفوظ راستہ فراہم کرے گی۔عبدالعلیم خان کو بریفنگ میں بتایا گیا کہ مجوزہ مالوپاٹل کی لمبائی 1.56 کلومیٹر اور چوڑائی 10.8 صفر میٹر ہوگی۔سنگل ٹیوب مالوپاٹل جدید این اے ایم ٹیکنالوجی کے تحت بنائی جائے گی۔ دوطرفہ ٹریفک کے لیے دونوں اطراف شولڈرز ہوں گے۔وفاقی وزیر مواصلات نے کہا کہ مسافروں کے تحفظ کے لیے ٹنل کے دونوں سروں پر کٹ اینڈ کور پروٹیکشن لگائی جائے گی۔ مالوپاٹل میں جدید لائٹنگ، وینٹیلیشن، نکاسی آب اور ایمرجنسی سسٹم نصب ہوں گے۔ سیاسی عمائدین نے ایمرجنسی کے اقدامات پر شکر گزار ہیں۔

26

تینوں چیف جسٹس صاحبان کو خط لکھ کر انصاف کی اپیل کی تھی، مگر اب تک اس خط پر کوئی کارروائی نہیں ہوئی۔ بیرسٹر گوہر نے اپنے بیان میں کہا ہے کہ میں ایک بار پھر تینوں چیف جسٹس صاحبان سے مدبانہ گزارش کرتا ہوں کہ بانی پی ٹی آئی اور بشریٰ بی بی کو بلا تاخیر انصاف دیں۔واضح رہے کہ کچھ روز قبل بانی پی ٹی آئی عمران خان نے چیف جسٹس آف پاکستان، چیف جسٹس وفاقی آئینی عدالت اور چیف جسٹس اسلام آباد ہائی کورٹ کو خط لکھا تھا۔

27

سکتی، بغیر شواہد اور معقول وجوہات کے کسی شہری کی آزادی سلب نہیں کی جاسکتی۔درخواست میں مقف اپنایا گیا کہ ایم پی او کی دفعہ 16 میں اظہار رائے پر وسیع پابندیاں آئین سے متصادم ہیں۔خوف یا الارم اور عوامی نظم کے لیے مضر سرگرمی جیسی اصطلاحات کے قانونی معیار پر بھی سوالات ہیں۔درخواست گزار کے مطابق سیکرٹری قانون نے فل بینچ کے فیصلے کے مطابق قانون سازی کے لیے اقدامات نہیں کیے۔ درخواست میں آزادیِ اظہار، آزادیِ نقل وحرکت اور شخصی آزادی کے آئینی حقوق کے تحفظ کی استدعا کی گئی ہے۔درخواست میں عدالت سے استدعا کی گئی ہے کہ ایم پی او کی دفعات 3 اور 16 کو بنیادی حقوق سے متصادم قرار دے کر کالعدم کیا جائے۔

28

برادری کے افراد نے احتجاج کرتے ہوئے ڈی ایس پی آفس سہراب گوٹھ کے باہر لاش رکھ کر دھرنا دے دیا۔مظاہرین نے مطالبہ کیا کہ مقتول کے قاتلوں کو فوری گرفتار کیا جائے، جبکہ لواحقین کا کہنا ہے کہ گرفتاری تک دھرنا جاری رہے گا۔مقتول کے بیٹے کے مطابق ان کے والد نماز پڑھ کر باہر نکلے تھے کہ موٹر سائیکل سوار ملزمان نے ان پر چار فائر کیے، جس کے نتیجے میں وہ جاں بحق ہوگئے۔ ان کا کہنا تھا کہ والد کی کسی سے کوئی دشمنی نہیں تھی، سمجھ نہیں آتا کہ انہیں کیوں قتل کیا گیا۔مقتول کے بیٹے نے پولیس سے اپیل کی کہ واقعے کا سراغ لگا کر ملزمان کو گرفتار کیا جائے۔لواحقین نے واضح کیا کہ وہ والد کے قاتلوں کی گرفتاری اور انصاف ملنے تک لاش کے ہمراہ احتجاج جاری رکھیں گے۔

29

اتحادی فوج کی جانب سے علاقے کے لئے انخلا کی وارننگ بھی جاری کی گئی تھی۔اس سے قبل ریاض کے فنانشل ڈسٹرکٹ میں ایک ٹاور پر حوثیوں کے دہشت گردانہ حملے میں 11 افراد زخمی ہوئے تھے، زخمیوں میں 2 سعودی، 2 بھارتی، 3 نیپالی اور 4 مصری شہری شامل ہیں۔ادھر بھارت کی وزارتِ خارجہ نے ریاض میں واقع ایک ٹاور پر حوثیوں کے حملے کی مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ زخمی ہونے والوں میں دو انڈین شہری بھی شامل ہیں۔وزارتِ خارجہ نے ایک بیان میں کہا کہ ایسے حملے شہریوں کی جانوں کو شدید خطرے میں ڈالتے ہیں، سعودی عرب کی خودمختاری کی خلاف ورزی کرتے ہیں اور علاقائی امن واستحکام کو کمزور کرتے ہیں۔بیان میں ایسے حملوں کو فوری طور پر روکنے کا مطالبہ بھی کیا گیا ہے۔دوسری جانب سعودی فضائی دفاعی نظام نے بدھ کی صبح الشرقیہ ریجن کی جانب داغے جانے والے تین ڈرون جبکہ راس تنورہ کے اوپر چار ڈرون مار گرائے جبکہ عرب اتحاد کا کہنا ہے کہ اتحاد نے الحدیدہ بندرگاہ پر موجود آپریشنل صلاحیتوں کو نشانہ بنایا ہے۔

30

محدود کرنا خود حکمرانوں کے لیے مفید نہیں ہوگا۔نائب امیر جماعت اسلامی پاکستان لیاقت بلوچ نے جمعیت علمائے اسلام کے امیر مولانا فضل الرحمان کو ریاستی حصار میں قید ونظر بند کرنے کی شدید مذمت کی ہے۔اپنے بیان میں مولانا فضل الرحمان کی نظر بندی پر جماعت اسلامی کی جانب سے شدید ردعمل دیتے ہوئے لیاقت بلوچ نے کہا کہ حکومت اور مقتدر طبقات عاقبت نااندیشی کا شکار ہیں۔انہوں نے کہا کہ بابر سڈ نظام ہر محاذ پر عوام سے لڑ رہا ہے۔لیاقت بلوچ کا مزید کہنا تھا کہ ایسے اقدامات سے حکمران اپنے خلاف نفرتوں کے پہاڑ کھڑے کر رہے ہیں، اپوزیشن کی آواز کو محدود کرنا خود حکمرانوں کے لیے مفید نہیں ہوگا۔

31

۔طالبان رجیم کے زیر تسلط افغانستان میں مخالف مسلح گروپوں کی کارروائیوں میں دن بدن تیزی دیکھنے میں آرہی ہے۔افغانستان یونائیٹڈ فرنٹ کے مطابق صوبہ سرپل، فاریاب، غور اور پکتیا میں قابض رجیم کے خلاف کارروائیوں میں 3 طالبان اہلکار ہلاک ہوئے ہیں۔افغانستان یونائیٹڈ فرنٹ کے مطابق ضلع کوہستانات میں افغان طالبان رجیم کے انٹیلی جنس اہلکار کو ہلاک کردیا گیا ہے۔افغان مسلح گروہ کا کہنا ہے کہ غور کے ضلع دولینہ میں محکمہ امر بالمعروف و نہی عن المنکر کے سربراہ کو بھی ہلاک کردیا ہے۔ طالبان مخالف گروپ افغان فریڈم فرنٹ کے مطابق صوبہ کنڑ میں چوکی پر حملہ کرکے ایک طالبان جنگجو کو ہلاک اور 3 کو زخمی کردیا گیا ہے۔سیکیورٹی ماہرین کے مطابق افغانستان میں مسلح گروہوں کی بڑھتی کارروائیاں طالبان رجیم کی کمزور سیکیورٹی گرفت اور داخلی عدم استحکام کی عکاس ہیں۔

32

قبول نہیں ہے اور ریاست کے خلاف ہتھیار اٹھانے یا دہشت گردی کی وکالت کرنے والوں سے کوئی رعایت نہیں برتی جائے گی، جبکہ ریاست مخالف سرگرمیوں میں ملوث افراد کے لیے مرد یا عورت ہونے کی کوئی رعایت نہیں ہوگی اور قانون کا اطلاق بلا امتیاز کیا جائے گا۔میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ آئین پرامن احتجاج کا حق دیتا ہے لیکن یہی آئین ریاست سے غیر مشروط وفاداری کا درس بھی دیتا ہے، جبکہ پرامن احتجاج اور ریاست کے خلاف مسلح کارروائی دو مختلف معاملات ہیں جنہیں ایک تناظر میں نہیں دیکھا جاسکتا۔وزیراعلیٰ بلوچستان نے کہا کہ بلوچستان میں غیر متوازن ترقی کو دہشت گردی، تشدد یا علیحدگی پسندی کا جواز نہیں بنایا جاسکتا، بلکہ بلوچستان کو اس کی تاریخ، سماجی حالات اور زمینی حقائق کے تناظر میں دیکھنے کی ضرورت ہے، جہاں حقائق کو مسخ کرکے احساس محرومی کا بیانیہ تشکیل دینے اور تشدد کا جواز تلاش کرنے کی کوششیں کی جاتی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ گرمی میں جھلستے اور سردی میں ٹھٹھرتے عام بلوچستانی کا معیارِ زندگی بہتر بنانا حکومت کی ترجیحات میں شامل ہے جس کے لیے گورننس میں بہتری، عوامی مسائل کے حل اور بنیادی سہولیات کی فراہمی کے لیے عملی اقدامات کیے جا رہے ہیں، جبکہ آج بلوچستان کے غریب محنت کش کا بچہ بھی ایچی سن اور لارنس کالج سمیت پاکستان کے بڑے تعلیمی اداروں میں زیر تعلیم ہے اور حکومت صوبے کے ہر بچے کو معیاری تعلیم اور آگے بڑھنے کے یکساں مواقع فراہم کرنا چاہتی ہے۔میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ بیرون ملک بیٹھے پاکستان مخالف عناصر منظم انداز میں سوشل میڈیا کے ذریعے بلوچستان کے نوجوانوں کی منفی ذہن سازی کر رہے ہیں اور انہیں پاکستان مخالف پروپیگنڈے کا حصہ بنانے و ریاست کے خلاف اکسانے کی کوششیں کی جا رہی ہیں، تاہم بلوچستان کے نوجوان پروپیگنڈے اور حقائق میں فرق سمجھیں اور منفی ذہن سازی کرنے والے عناصر کے عزائم پہچانیں کیونکہ نوجوانوں کا مستقبل تعلیم، ترقی، امن اور قومی دھارے میں مثبت کردار ادا کرنے میں ہے۔انہوں نے کہا کہ حکومت ترقیاتی منصوبوں کی مؤثر تکمیل اور سرکاری محکموں کی کارکردگی بہتر بنانے کے لیے اصلاحاتی اقدامات کر رہی ہے، اور بلوچستان کے عوام نے امن کے قیام و ترقی کے لیے جو بے شمار قربانیاں دی ہیں انہیں رائیگاں نہیں جانے دیں گے۔اس موقع پر چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان نے 28 ویں نیشنل ورکشاپ کے شرکا کو ترقیاتی منصوبوں، گورننس اصلاحات اور صوبے کی مجموعی صورتحال پر تفصیلی بریفنگ بھی دی۔

33

چیف آف ڈیفنس فورسز سید عاصم منیر کو ملائیشیا کے نیشنل ڈیفنس اسٹڈیز سینٹر کے ہال آف فیم کے اعزاز سے نوازدیا گیا۔سماجی رابطے کی سائٹ ایکس پر وزیراعظم شہباز شریف نے فیلڈ مارشل عاصم منیر کو ملائیشیا کے ہال آف فیم میں شمولیت پر مبارکباد دیتے ہوئے کہا کہ فیلڈ مارشل عاصم منیر کا اعزاز پاکستان اور ملائیشیا کی دیرینہ دوستی کا مظہر ہے۔وزیراعظم شہباز شریف نے کہا کہ معرکہ حق کے دوران فیلڈ مارشل کی فیصلہ کن قیادت قابل تحسین ہے، فیلڈ مارشل عاصم منیر نے قومی دفاع اور عالمی سطح پر پاکستان کا وقار بلند کرنے میں اہم کردار ادا کیا۔شہباز شریف کا کہنا تھا کہ یہ اعزاز مسلح افواج کے بہادر جوانوں اور پاکستانی عوام کی قربانیوں کا بھی اعتراف ہے، مسلح افواج کی جرا?ت اور عوام کی غیر متزلزل حمایت پاکستان کی سب سے بڑی طاقت ہے، اللہ تعالیٰ پاکستان کو ترقی اور خوشحالی کی راہ پر گامزن رکھے۔وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے فیلڈ مارشل سید عاصم منیر کو ملائیشیا کے نیشنل ڈیفنس اسٹڈیز سینٹر کے ہال آف فیم اعزاز حاصل ہونے پر اظہارِ تشکر کیا۔انہوں نے فیلڈ مارشل عاصم منیر اور افواج پاکستان کو مبارکباد دی۔چیئرمین سینیٹ سید یوسف رضا گیلانی نے مبارکباد دیتے ہوئے کہا کہ فیلڈ مارشل سید عاصم منیر کو ملائیشیا کے ہال آف فیم میں 21 ویں رکن کی حیثیت سے شامل کیا جانا پاکستان کی بڑی کامیابی ہے، عالمی سطح پر پاکستان کی عسکری قیادت کا اعتراف ملکی وقار اور مسلح افواج کی پیشہ ورانہ مہارت کا مظہر ہے۔

34

حامد میر، سینیئر بیرسٹر علی ظفر بھی اے پی سی میں شریک ہوئے۔اے پی سی سے سلمان اکرم راجہ نے گفتگو میں کہا کہ عمران خان نے آخری میٹنگ میں کہا کہ اچکزئی اور علامہ ناصر عباس آپ کے لیڈر ہیں، یہ بکنے نہیں، حامد خان صاحب ہمیشہ اپنے وکلا کے ساتھ رہے آپکو سلام پیش کرتے ہیں۔ان کا کہنا تھا کہ آج اس تقریب کے موقع پر جو بربریت نظر آئی ہے مولانا فضل الرحمان کو نظر بند کرکے وکلا کو للکارا ہے، وہ ہائیکورٹ کے مہمان تھے، یہ ریاست برداشت نہیں کر رہی کہ آئین اور قانون کی بات ہو سکے، فوجی عدالتوں کے ذریعے سویلین افراد کا ٹرائل عدالتوں نے درست قرار دیا۔انہوں نے کہا کہ آج عمران خان کے خلاف غیر آئینی فیصلے ہوئے ہیں، 26 ویں اور 27 ویں آئینی ترمیم کے تحت عمران خان اور بشریٰ بی بی کا ٹرائل بند کمروں میں ہوا، آج سب لوگوں کو کہتا ہوں ہم سب غلام ہیں آپ جانتے ہیں قوم نے ووٹ عمران خان کو دیا تھا۔سلمان اکرم راجہ نے کہا کہ بیرون ملک بیٹھے پاکستان مخالف عناصر منظم انداز میں سوشل میڈیا کے ذریعے بلوچستان کے نوجوانوں کی منفی ذہن سازی کر رہے ہیں اور انہیں پاکستان مخالف پروپیگنڈے کا حصہ بنانے و ریاست کے خلاف اکسانے کی کوششیں کی جا رہی ہیں، تاہم بلوچستان کے نوجوان پروپیگنڈے اور حقائق میں فرق سمجھیں اور منفی ذہن سازی کرنے والے عناصر کے عزائم پہچانیں کیونکہ نوجوانوں کا مستقبل تعلیم، ترقی، امن اور قومی دھارے میں مثبت کردار ادا کرنے میں ہے۔انہوں نے کہا کہ حکومت ترقیاتی منصوبوں کی مؤثر تکمیل اور سرکاری محکموں کی کارکردگی بہتر بنانے کے لیے اصلاحاتی اقدامات کر رہی ہے، اور بلوچستان کے عوام نے امن کے قیام و ترقی کے لیے جو بے شمار قربانیاں دی ہیں انہیں رائیگاں نہیں جانے دیں گے۔اس موقع پر چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان نے 28 ویں نیشنل ورکشاپ کے شرکا کو ترقیاتی منصوبوں، گورننس اصلاحات اور صوبے کی مجموعی صورتحال پر تفصیلی بریفنگ بھی دی۔

35

جوڈیشل افسران کا پہلا وفد دو ہفتوں کے عدالتی تبادلے اور تربیتی پروگرام میں شرکت کے لیے چین جائے گا، جوڈیشل افسران کا انتخاب متعلقہ ہائی کورٹس کی مشاورت سے بہترین پیشہ ورانہ کارکردگی اور خدمات کی بنیاد پر کیا گیا ہے اور وفد میں پنجاب، سندھ، خیبر پختونخوا، بلوچستان، اسلام آباد، آزاد جموں وکشمیر اور گلگت بلتستان کے جوڈیشل افسران سمیت سپریم کورٹ آف پاکستان اور وفاقی عدالتی اکیڈمی میں خدمات انجام دینے والے جوڈیشل افسران بھی وفد کا حصہ ہیں۔، چیف جسٹس آف پاکستان نے منتخب جوڈیشل افسران سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ پاکستان نے بالخصوص دور دراز، پسماندہ اور بدامنی سے متاثرہ علاقوں میں خدمات انجام دینے والے جوڈیشل افسران کی کارکردگی کو سراہتے ہوئے کہا کہ مشکل حالات میں فرائض انجام دینے والے جوڈیشل افسران کی خدمات کا اعتراف اور حوصلہ افزائی ضروری ہے۔ انہوں نے کہا کہ تربیتی پروگرام کا مقصد بہترین کارکردگی کے حامل جوڈیشل افسران کو پیشہ ورانہ ترقی اور بین الاقوامی تجربات کے مواقع فراہم کرنا ہے۔ چیف جسٹس آف پاکستان نے مزید کہا کہ آپ چین میں پاکستان کی عدلیہ کے سفیر ہیں۔انہوں نے کہا کہ پاکستان کی عدلیہ کے وقار، اقدار اور پیشہ ورانہ معیار کو برقرار رکھیں۔انہوں نے ہدایت کی کہ چین کے عدالتی طریقہ کار، جدید ٹیکنالوجی اور کیس مینجمنٹ نظام کا بغور جائزہ لیں، چین کے عدالتی نظام میں رائج ایسے بہترین طریقوں کی نشاندہی کریں جو پاکستان میں انصاف کی فراہمی بہتر بنانے کے لیے اختیار کیے جاسکیں۔ چیف جسٹس نے مزید کہا کہ میرٹ اور محنت کی حوصلہ افزائی سے ضلعی عدلیہ کی کارکردگی اور ادارہ جاتی استعداد میں اضافہ ہوگا، بین الاقوامی عدالتی تجربات سے جوڈیشل افسران کو مقدمات کی سماعت، عدالتی انتظام اور کیس مینجمنٹ کے جدید طریقوں سے آگاہی حاصل ہوگی، جوڈیشل افسران بیرون ملک حاصل ہونے والے تجربات کو اپنے متعلقہ عدالتی اداروں میں عملی بہتری کے لیے استعمال کریں۔ واضح رہے کہ پاکستان سے جوڈیشل افسران 18 نومبر سے یکم دسمبر 2026 تک چین میں تربیتی پروگرام میں شرکت کریں گے، دو ہفتوں پر مشتمل تربیتی پروگرام کا انعقاد نیشنل جج کالج آف چائنا کے زیر اہتمام کیا جائے گا، تربیتی پروگرام میں چین کے سینئر ججز اور قانونی ماہرین کے ساتھ خصوصی علمی و پیشہ ورانہ نشستیں ہوں گی۔ مزید برآں پاکستانی وفد بیجنگ اور چوانژو سمیت چین کے مختلف مقامات پر عدالتوں کے مطالعاتی دورے کرے گا۔جوڈیشل افسران کا دورہ سپریم کورٹ آف پاکستان اور سپریم پیپلز کورٹ آف چائنا کے درمیان طے پانے والی مفاہمتی یادداشت کے تحت منعقد کیا جارہا ہے، جس کا مقصد پاکستان اور چین کے درمیان عدالتی تعاون کا مقصد پیشہ ورانہ ہے۔سپریم کورٹ کا اقدام دور دراز علاقوں میں خدمات انجام دینے والے جوڈیشل افسران کو بین الاقوامی تربیت کے مواقع فراہم کرنے کی جانب اہم قدم ہے۔تربیتی پروگرام سے پاکستان میں مؤثر، جدید اور عوام دوست نظامِ انصاف کے فروغ میں مدد ملے گی۔

37

بنائیں اور پھر دنیا کو برآمد کریں۔انہوں نے کہا کہ پاکستان اپنے معدنی وسائل کی ویلیو ایڈیشن کو یقینی بنانے کے لیے ریفائنریز، اسمیلٹرز، کیبل اور کنڈکٹر فیکٹریوں سمیت دیگر صنعتیں قائم کرنا چاہتا ہے۔ریکوڈک منصوبے کا حوالہ دیتے ہوئے شہباز شریف نے کہا کہ دنیا کے تانبے اور سونے کے سب سے بڑے غیر استعمال شدہ ذخائر میں سے ایک پر کام جاری ہے، جس سے 2028 میں پیداوار شروع ہونے کی توقع ہے

روزنامہ
Daily ASKAR INTERNATIONAL QUETTA
MEMBER A.P.N.S
عسکر انٹرنیشنل کوئٹہ
چیف ایڈیٹر: سید فاروق شاہ
رجسٹرڈ نمبر BC-A-21

مسائل کے حل اور عوامی خدمت کا سفر نئے جذبے سے جاری رکھیں گے، علی مدد جتک


گورنر میر سید ظفر اللہ خان جمالی جوائنٹ گورنر ڈاکٹر ربابہ بلیدی اور صحتی سرکاریوں کے وفد سے ملاقات کی صدارت کر رہے ہیں

عوام کے اعتماد پر پورا اترنے اور اپنے حلقے سمیت بلوچستان کے عوام کی خدمت کے لیے ہر ممکن کوشش جاری رکھیں گے

عوامی نمائندگی کا اصل مقصد عوام کی آواز بننا اور ان کے جائز مسائل کو متعلقہ فورمز پر اٹھانا ہے، مختلف وفود کی صوبائی وزیر سے ملاقات

کوئٹہ (خ ن) صوبائی وزیر زراعت اور خادم سریاب حاجی میر علی مدد جتک سے ان کی رہائش گاہ ویٹنگ ہاؤس کوئٹہ میں علاقائی نمائندین، سیاسی و سماجی شخصیات اور عوام کی بڑی تعداد نے ملاقات کی۔ اس موقع پر عوام اور علاقائی نمائندین نے ملاقات کے دوران علاقائی

(بقیہ 1 اندرونی صفحہ 5 پر)

انتظامی بنیادوں پر نئے صوبوں کی تشکیل کے حامی نہیں، میر طاہر بزنجو

قومی اور لسانی شناخت کی بنیاد پر صوبوں کی ازسرنو تشکیل ہونی چاہیے

کوئٹہ (جی این ایم) نیشنل پارٹی کے مرکزی رہنما اور سابق سینیٹر میر طاہر بزنجو نے کہا ہے کہ ملک بھر میں ان دنوں انتظامی بنیادوں پر نئے صوبوں کے قیام کی بحث جاری ہے تاہم نیشنل پارٹی کا موقف واضح ہے کہ وہ انتظامی بنیادوں پر نئے صوبوں کے قیام کی حمایت نہیں کرتی بلکہ انگریز حکمرانوں کی کھینچی گئی مصنوعی لکیروں کے خاتمے اور تاریخی جغرافیے، تہذیبی، لسانی اور قومی شناخت کی بنیاد پر صوبوں کی ازسرنو تشکیل کی حامی ہے۔ انہوں نے کہا کہ نیشنل پارٹی کا یہ دیرینہ مؤقف رہا ہے کہ صوبوں کی تشکیل محض انتظامی ضروریات کے تحت نہیں بلکہ صدیوں پر محیط تاریخ، جغرافیے اور قومی شناخت کو سامنے رکھتے

(بقیہ 6 اندرونی صفحہ 5 پر)

بلوچستان فوڈ اتھارٹی کی صوبہ بھر میں کارروائیاں، ایک بیکنگ یونٹ سیل

کوئٹہ (اے این این) عوام کو معیاری، محفوظ اور ملاوٹ سے پاک اشیاء خورد و نوش کی فراہمی یقینی بنانے کیلئے بلوچستان فوڈ اتھارٹی کی انسپکشن ٹیمیں صوبہ بھر میں متحرک ہیں۔ اس سلسلے میں کوئٹہ، لورالائی، ڈیرہ مراد جمالی، سبی، قلعہ سیف اللہ اور خضدار میں کارروائیاں کرتے ہوئے فوڈ سیفٹی قوانین کی خلاف ورزیوں پر ایک بیکنگ

(بقیہ 5 اندرونی صفحہ 5 پر)

سریاب قمبرانی روڈ پر غیر اعلانیہ لوڈشیڈنگ کا سلسلہ بند کیا جائے، ذوالفقار طارقی

عوام کو بنیادی سہولیات فراہم کی جائیں عوام اذیت کا شکار ہیں، رہنما، اہلسنت والجماعت

کوئٹہ (اے این این) اہل سنت و جماعت کے رہنما فیضان اولیاء کے بانی ذوالفقار علی طارقی قادری نے اپنی تحریری بیان میں کہا کہ سریاب قمبرانی روڈ اور نواحی علاقوں میں غیر اعلانیہ بجلی لوڈشیڈنگ کا فوری نوٹس لیا جائے۔ اکثر اوقات 12 گھنٹے تک بجلی کی لوڈشیڈنگ کی جاتی ہے، جس کے باعث عوام کو شدید مشکلات اور پریشانیوں کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے۔ حکومت فوری طور پر اس صورتحال کا نوٹس لیتے ہوئے عوامی مسائل کے حل میں دلچسپی لے اور متعلقہ حکام کو بجلی کی غیر اعلانیہ بندش ختم کرنے کی ہدایات جاری کرے۔ افسوس کے ساتھ کہنا پڑتا ہے کہ منتخب نمائندے سریاب قمبرانی روڈ اور دیگر

(بقیہ 4 اندرونی صفحہ 5 پر)

بشتر بورڈ امتحان میں مبینہ سرعام نقل اور بدعنوانی پر پرائیویٹ اسکولز فیڈریشن کا اظہار تشویش

کوئٹہ (یو این اے) آل پاکستان پرائیویٹ سکولز فیڈریشن بلوچستان کے صوبائی آرگنائزر نذیر بزنجو، محمد ظفر خان۔ مولوی جیلانی البدری۔ گل محمد مستوئی۔ حق نواز شاہ۔ عابد ناصر۔ امان اللہ مینگل۔ ولی محمد زئری۔ بلال احمد خان۔ امیر محمد کاکڑ و دیگر رہنماں نے تعلیم دشمن بشتر بورڈ امتحان میں سرعام نقل۔ امتحانی ہال میں موبائل فون کا

(بقیہ 3 اندرونی صفحہ 5 پر)

کتاب اور قلم کو عام کرکے ہر بچے تک تعلیم پہنچانا ہوگی، مولانا ہدایت

آفاق ٹیلنٹ کی تلاش اور طلبہ کی صلاحیتیں نکھارنے میں اہم کردار ادا کر رہا ہے، لعل جان جعفر

کوئٹہ (اے این این) امیر جماعت اسلامی بلوچستان ایم پی اے مولانا ہدایت الرحمٰن بلوچ نے کہا کہ بلوچستان کی پسماندگی غربت بے روزگاری کے خاتمے کیلئے تعلیم پر خصوصی توجہ کی اشد ضرورت ہے جماعت اسلامی کی تعلیمی خدمات کی بدولت بلوچستان سے ناخواندگی دیے روزگاری میں کمی اور ہنرمند افراد تیار ہوں گے۔ الخدمت، آفاق سمیت جماعت اسلامی کے مختلف تنظیمی وافراد تعلیمی وسماجی میدان میں بلاتفریق رنگ ونسل اور زبان قابل تقلید وقابل تعریف خدمات سرانجام دے رہے ہیں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے آفاق کوئٹہ کے زیر اہتمام برین جمل ٹیسٹ کے نتائج وتقسیم انعامات

(بقیہ 2 اندرونی صفحہ 5 پر)



حب، حب پریس کلب کے صدر و سینئر صحافی محمد الیاس کبوہ کی زیر صدارت پریس کلب میں اجلاس ہو رہا ہے

خواتین کے تحفظ اور حقوق کے لیے کوششیں سال بھر جاری رہیں گی، شہین رباب بلیدی

کوئٹہ میں انسداد صنفی تشدد کی 16 روزہ عالمی مہم 2026 کی صوبائی افتتاحی تقریب منعقد، خواتین کے تحفظ اور انصاف یقینی بنانے کا عزم

کوئٹہ میں انسداد صنفی تشدد کی 16 روزہ عالمی مہم 2026 کا صوبائی افتتاح، صنفی بنیادوں پر تشدد کا خاتمہ اور متاثرہ خواتین کی بحالی سب کی مشترکہ ذمہ داری قرار، ماہرین و سول سوسائٹی کا اظہار خیال

کوئٹہ (یو این اے) خواتین اور بچیوں کے خلاف صنفی بنیادوں پر تشدد کے خاتمے، متاثرہ خواتین کو انصاف کی فراہمی اور ذمہ دار عناصر کے احتساب کو یقینی بنانے کے عزم کے ساتھ 16 روزہ عالمی مہم برائے انسداد صنفی تشدد 2026 کا صوبائی افتتاحی پروگرام بلوچستان یونیورسٹی آف انفارمیشن ٹیکنالوجی، انجینئرنگ اینڈ مینجمنٹ سائنسز (BUITEMS) کوئٹہ میں منعقد ہوا۔ تقریب کا انعقاد محکمہ ترقی نسواں بلوچستان (Women Development Department)، ون یو این، ایوا جی لائنس بلوچستان (EVAW-G Alliance Balochistan)، اسلامک ریلیف، بی آر ایس پی اور دیگر شراکت دار اداروں کے تعاون سے کیا گیا۔ تقریب میں حکومتی نمائندوں، اقوام متحدہ کے اداروں، سول سوسائٹی، انسانی حقوق کے کارکنوں، خواتین کی تنظیموں اور مختلف شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والے افراد نے شرکت کی۔ تقریب کی مہمان خصوصی صوبائی وزیر انچارج برائے حقوق نسواں ڈاکٹر ربابہ خان بلیدی تھیں۔ اس سال کی عالمی مہم کا مرکزی پیغام ہے: "خواتین اور لڑکیوں کے خلاف تشدد کے خاتمے کے لیے متحد ہوں؛ انصاف یقینی بنائیں، متاثرہ خواتین اور لڑکیوں کا تحفظ کریں اور مجرموں کو سزا سے بچنے نہ دیں۔" مہمان خصوصی ڈاکٹر ربابہ خان بلیدی نے اپنے خطاب میں کہا کہ ہر سال 25 نومبر سے 10 دسمبر تک دنیا بھر میں خواتین کے خلاف تشدد کے خاتمے کے لیے 16 روزہ عالمی مہم منائی جاتی ہے، تاہم خواتین کے تحفظ اور حقوق کے لیے کوششیں صرف 16 دن تک محدود نہیں ہونی چاہئیں بلکہ انہیں سال بھر جاری رہنا چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ حکومت بلوچستان اس حوالے سے متعلقہ محکموں کے ساتھ مل کر مربوط اقدامات کو فروغ دے رہی ہے۔ خواتین کی ذہنی صحت، تحفظ اور بحالی بھی حکومت کی ترجیحات میں شامل ہیں۔ انہوں نے جیلوں، دارالامان اور بینظیر شیلٹر ہومز سمیت مختلف اداروں میں ذہنی صحت کی سہولیات بہتر بنانے کی ضرورت پر زور دیا اور سول سوسائٹی کے کردار کو سراہا۔ انہوں نے کہا

(بقیہ 7 اندرونی صفحہ 5 پر)

عوام کے جان و مال کا تحفظ یقینی بنائیں گے، احمد چوہدری

سحر (اسٹاف رپورٹر) ایس ایس پی سحر احمد چوہدری نے کہا ہے کہ عوام کے جان و مال کے تحفظ ہر صورت میں یقینی بنائیں گے، شہری تجارتی مارکیٹوں، اہم شاہراہوں اور چوراہوں پر پولیس گشت میں اضافہ کیا گیا، شہر میں ٹریفک جام کے عذاب سے مستقل نجات کیلئے پلان تشکیل دے چکے ہیں، انشاء اللہ تاجروں اور شہریوں کی مشاورت سے مثالی اقدامات اٹھاتے ہوئے مشترکہ جدوجہد کے ذریعے ضلع سحر کو امن وامان کا گہوارہ بنائیں گے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں

(بقیہ 10 اندرونی صفحہ 5 پر)

ضلع ژوب میں ملیریا کنٹرول پروگرام کے تحت نچلی صحت مراکز کے فوکل پرسنز کی تین روزہ کوہیوٹریننگ مکمل

اختتامی تقریب میں کمشنر ژوب ڈویژن آصف علی کی خصوصی شرکت، شرکا میں سرٹیفکیٹس تقسیم، روزمرہ ذمہ داریاں گن سے ادا کرنے کی ہدایت

ژوب (یو این اے) ضلع ژوب میں ملیریا کنٹرول پروگرام کے تحت نچلی صحت مراکز کے فوکل پرسنز کی تین روزہ کوہیوٹریننگ (بیچ 3) کامیابی سے مکمل ہوگئی۔ تربیت کے تیسرے اور آخری روز کمشنر ژوب ڈویژن آصف علی نے خصوصی شرکت کی۔ اس موقع پر ڈسٹرکٹ منیجر پی پی ایچ آئی ڈاکٹر افراسیاب مندوخیل، اسسٹنٹ ڈسٹرکٹ منیجر عبدالسلام اے، ڈسٹرکٹ پروگرام منیجر پی آر ایس پی قلب خان اور دیگر متعلقہ حکام بھی موجود تھے۔ ڈسٹرکٹ کوآرڈینیٹر ڈاکٹر عبید حریطل نے کمشنر ژوب ڈویژن کو ضلع میں ملیریا کنٹرول پروگرام کی سرگرمیوں، کارکردگی اور حاصل کردہ نتائج کے حوالے سے بریفنگ دی۔ تربیتی سیشن میں شرکا کو ملیریا انفارمیشن سسٹم (MIS)، مریضوں کے ریکارڈ کی درست تکمیل، کیسز کی دستاویز بندی، رپورٹنگ، سرویلنس اور اسٹاک مینجمنٹ کے طریقہ کار سے متعلق عملی تربیت فراہم کی گئی۔ ماسٹر ٹرینر ڈاکٹر عبدالقیوم نے تکنیکی رہنمائی دی، جبکہ میل آفیسر ابوزر خان

(بقیہ 11 اندرونی صفحہ 5 پر)

ڈائریکٹر جنرل فشریز عتیق اللہ خان کی نئے ڈی جی جی ڈی اے انیس طارق گورگیج سے ملاقات

گوادر (یو این اے) ڈائریکٹر جنرل فشریز عتیق اللہ خان نے آج گوادر ڈویلپمنٹ اتھارٹی (جی ڈی اے) کے نئے تعینات ہونے والے ڈائریکٹر جنرل انیس طارق گورگیج سے ملاقات کی اور انہیں نئی ذمہ داریاں سنبھالنے پر مبارکباد پیش کی۔ ملاقات کے دوران گوادر میں ماہی گیری کی فلاح و بہبود، ماہی گیری کے شعبے کی ترقی اور غیر قانونی ٹرالنگ کی روک تھام کے لیے کیے گئے اقدامات پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ ڈائریکٹر جنرل فشریز عتیق اللہ خان نے آج گوادر

(بقیہ 12 اندرونی صفحہ 5 پر)

سوشل میڈیا پر من گھڑت کہانیوں کے بجائے انصاف فراہم کیا جائے، مری قبائلی

جھوٹے بیانیے کے ذریعے تین نوجوانوں کے قتل کی حقیقت مسخ کرنے کی کوشش ناقابل قبول ہے

کوہلو (یو این اے) مری قبائلی وعوامی حلقوں کی جانب سے جاری بیان میں کہا گیا ہے کہ جھوٹے بیانیے اور من گھڑت کہانیوں کے ذریعے تین نوجوانوں کے قتل کی حقیقت کو مسخ کرنے کی مذموم کوشش ناقابل قبول ہے۔ بیان میں کہا گیا کہ سوشل میڈیا پر بعض عناصر اور گروپس کی جانب سے جانبداری کا مظاہرہ کرتے ہوئے ملزم کو قاتل اور اس گھنائونی خونریزی واقعے کو محض چالیس ہزار روپے کی معمولی مالی تنازع کے طور پر پیش کر کے مقتولین کے خاندانوں کے زخموں پر نمک پاشی کی جا رہی ہے، جو انتہائی غیر ذمہ دارانہ اور قابل مذمت عمل ہے۔ بیان میں اصل حقائق واضح کرتے ہوئے کہا گیا کہ مذکورہ شخص مری قبائل کے حاجی صادق مری کا مقروض تھا، جس نے خود فون کر کے حاجی صادق مری کو باہمی گفتگو کے ذریعے معاملہ حل کرنے اور رقم کی ادائیگی کے لیے بلایا تھا۔ اس یقین دہانی پر اعتماد کرتے ہوئے حاجی صادق مری اپنے بھائی کے ہمراہ روانہ ہوئے، تاہم مقررہ مقام پر پہنچنے سے قبل ہی پوٹگی کے قریب ہاشم اور اس کے

(بقیہ 13 اندرونی صفحہ 5 پر)


گوادر: ڈائریکٹر جنرل فشریز عتیق اللہ خان ڈائریکٹر جنرل جی ڈی اے انیس طارق گورگیج سے ملاقات کر رہے ہیں

تحصیل میر حسن خان کھوسہ میں آٹے کی قیمتوں میں ہوشربا اضافہ

سرکاری نرخ نامہ جاری کر کے ذخیرہ اندوزوں کے خلاف کارروائی کا مطالبہ

چمتر (یو این اے) تحصیل میر حسن خان کھوسہ میں آٹے کی قیمتوں میں ہوشربا اضافہ، 38 کلو آٹے کا تھیلا 6500 روپے سے تجاوز کر گیا، غریب عوام دو وقت کی روٹی کے لیے پریشان انتظامیہ کی جانب سے تاحال سرکاری نرخ نامہ جاری نہ ہونے پر شہریوں میں تشویش، دکانداروں پر 40 کلو کے بجائے 38 کلو آٹا فروخت کرنے کا سنگین الزام، ذخیرہ اندوزی اور ناجائز منافع خوری کے خلاف کارروائی کا مطالبہ تحصیلات کے مطابق

(بقیہ 8 اندرونی صفحہ 5 پر)

صحافیوں کی جبری برطرفیاں ملازم دشمن اقدام ہیں، عبدالصمد

میڈیا کارکنوں کے معاشی حقوق کا تحفظ یقینی بنایا جائے

کوئٹہ (جی این ایم) جمعیت علما اسلام ضلع کوئٹہ کے ڈپٹی سیکرٹری اطلاعات عبدالصمد ہتیار اور ڈپٹی جنرل سیکرٹری حافظ مسعود احمد نے کوئٹہ پریس کلب میں بلوچستان یونین آف جرنلسٹس کی جانب سے صحافیوں کی جبری برطرفیوں اور پیکا ظالمانہ ایکٹ کے خلاف قائم احتجاجی کیمپ کا دورہ کیا اور صحافی برادری کے ساتھ اظہار یکجہتی کرتے ہوئے ان کے مطالبات کی حمایت کی۔ اس موقع پر عبدالصمد ہتیار نے احتجاجی کیمپ کے شرکا سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ اظہار کی صنعت اور نیوز تھنکنگ سے وابستہ صحافیوں کی جبری برطرفیاں انتہائی افسوسناک قابل مذمت اور ملازم دشمن اقدام ہے۔ صحافی معاشرے میں حقائق کی ترجمانی عوامی مسائل کی نشاندہی اور جمہوری اقدار کے تحفظ میں بنیادی کردار ادا کرتے ہیں ایسے میں ان کے معاشی استحصال اور روزگار سے محرومی کسی صورت قابل قبول نہیں۔ انہوں نے کہا کہ ملک پہلے ہی بے روزگاری، مہنگائی اور معاشی مشکلات کی لپیٹ میں ہے ایسے نامساعد حالات میں میڈیا اداروں کی جانب سے صحافیوں کو روزگار سے محروم کرنا ان کے معاشی مسائل میں مزید اضافے کا باعث بنے گا۔ میڈیا مالکان کو چاہیے کہ وہ اپنے اداروں سے وابستہ کارکن صحافیوں کے معاشی تحفظ اور روزگار کے تسلسل کو یقینی بنائیں۔ انہوں نے مطالبہ کیا کہ تمام برطرف صحافیوں کو فوری طور پر بحال کیا جائے اور ان کے جائز معاشی و پیشہ

(بقیہ 9 اندرونی صفحہ 5 پر)

ایم کیو ایم 29 نومبر کو اپنے جلسے کی تاریخ یا جگہ تبدیل کرے، سعید غنی

کراچی (جی این ایم) صوبائی وزیر محنت سعید غنی نے کہا ہے کہ ایم کیو ایم سے درخواست ہے کہ وہ 29 نومبر کو اپنے جلسے کی تاریخ یا جگہ تبدیل کرے۔ کراچی میں پریس کانفرنس کرتے ہوئے سعید غنی نے کہا کہ پرامن سیاسی جلسے کرنے کا حق سب کو ہے، پیپلز پارٹی کسی کو جلسے کرنے سے روک نہیں سکتی، ہم نے ٹینٹ لگائی اور ایم کیو ایم

(بقیہ 14 اندرونی صفحہ 5 پر)

پاکستان پیپلز پارٹی کا 59 واں یوم تاسیس 30 نومبر کو منایا جائے گا

اسلام آباد (جی این ایم) پاکستان پیپلز پارٹی کا 59 واں یوم تاسیس 30 نومبر کو منایا جائے گا اس دن کے حوالے سے ملک بھر میں تقریبات کا اہتمام کیا جائے گا جس سے پیپلز پارٹی کے مرکزی، صوبائی اور مقامی قائدین خطاب کرتے ہوئے پارٹی کی تاریخ اور قربانیوں پر روشنی ڈالیں گے۔ پاکستان پیپلز پارٹی ملک کی ایک بڑی سیاسی

(بقیہ 18 اندرونی صفحہ 5 پر)


کوئٹہ، صوبائی وزیر زراعت حاجی علی مدد جتک سے ان کی رہائش گاہ پر علاقے کے معتبرین ملاقات کے موقع پر درپیش مسائل سے آگاہ کر رہے ہیں

خضدار کے سینئر وکلا کا پروفیشنل لائرز پینل میں شمولیت کا اعلان

وکلا آئین کی بالادستی اور انسانی حقوق کے تحفظ کے لیے جدوجہد کریں گے

خضدار (اے این این) ڈسٹرکٹ بار ایسوسی ایشن خضدار کے سینئر وکلاء نے پروفیشنل لائرز پینل میں باقاعدہ شمولیت کا اعلان کر دیا۔ بار روم میں منعقدہ پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے ایڈووکیٹ بشیر احمد سمالانی، ایڈووکیٹ آسیہ سلام رودینی، ایڈووکیٹ غلام قادر سمالانی، ایڈووکیٹ غلام قادر زہری، ایڈووکیٹ عبدالخالق آخوندزادہ اور عزت اللہ رودینی نے پروفیشنل پینل میں شمولیت کا اعلان کیا۔ اس موقع پر سینئر وکلاء ایڈووکیٹ عبدالسلام لہڑی، بشیر بلنگ، ذاکر علی، ایڈووکیٹ محمد نعیم اور ایڈووکیٹ فیاض بھی موجود تھے۔ پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے ایڈووکیٹ بشیر احمد سمالانی و دیگر وکلاء رہنماؤں کا کہنا تھا کہ وکلاء برادری میں مرکزی سطح پر اس وقت دو بڑے قوتیں ہیں، پروفیشنل لائرز پینل اور انڈیپنڈنٹ پینل۔ ان کا کہنا تھا کہ کافی عرصے سے وہ کسی پینل کا حصہ نہیں رہے، تاہم عاصمہ جہانگیر کے دور سے وہ وکلاء کی جدوجہد کا حصہ رہے ہیں اور آج بھی اسی جدوجہد کو آگے بڑھانے کے لیے کردار ادا کر رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ دوستوں سے طویل مشاورت کے بعد پروفیشنل پینل میں شمولیت کا فیصلہ کیا گیا ہے، کیونکہ اس پینل میں سنجیدہ، سیاسی اور انسانی حقوق کے لیے کام کرنے والے وکلاء کی بڑی تعداد موجود ہے جو عاصمہ جہانگیر گروپ کے مشن کو آگے بڑھا رہا ہے۔ وکلاء رہنماؤں نے پروفیشنل پینل کی قیادت منیر کاکڑ، جاوید دشتی،

(بقیہ 22 اندرونی صفحہ 5 پر)


کوئٹہ، قائم مقام گورنر بلوچستان عبدالقادر بلوچ سے ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر جمن اشوک کمار راجپوت ملاقات کر رہے ہیں

نئے ڈائریکٹر جنرل گوادر ڈویلپمنٹ اتھارٹی انیس طارق گورگیج نے عہدے کا چارج سنبھال لیا

انیس طارق گورگیج کی تعیناتی سے گوادر کے شہری انفراسٹرکچر کی بہتری اور جاری ترقیاتی منصوبوں میں تیزی آنے کی توقع ہے

گوادر (یو این اے) گوادر ڈویلپمنٹ اتھارٹی (جی ڈی اے) کے نئے تعینات ہونے والے ڈائریکٹر جنرل انیس طارق گورگیج نے اپنے عہدے کا چارج سنبھال کر باقاعدہ طور پر فرائض کی انجام دہی شروع کر دی ہے۔ انیس طارق گورگیج اس سے قبل گوادر میں طویل عرصے تک بطور ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر (جنرل) خدمات سرانجام دے چکے ہیں، جبکہ وہ پرسنل اسٹاف آفیسر ٹو وزیر اعلیٰ بلوچستان، ڈائریکٹر جنرل سمال انڈسٹریز اینڈ

(بقیہ 23 اندرونی صفحہ 5 پر)

پی ایم ڈی سی کے 21 کنٹریکٹ ملازمین بغیر شوکاز نوٹس بغیر کسی وجہ کے نکال دیے گئے

اسلام آباد (اے این این) پاکستان میڈیکل اینڈ ڈینٹل کونسل (پی ایم ڈی سی) کے 21 کنٹریکٹ ملازمین بغیر شوکاز نوٹس بغیر کسی وجہ کے نکال دیے گئے۔ اس حوالے باقاعدہ نوٹیفکیشن جاری کر دیا گیا ہے۔ رجسٹرار بریگیڈیئر ریٹائرڈ ڈاکٹر ریحان نقوی ادارہ کو چلانے میں بری طرح ناکام ہو گئے وہ اسسٹنٹ رجسٹرار ردولیگل آفیسر متعدد اسسٹنٹ اور کلرک فارغ کر دیے گئے

(بقیہ 21 اندرونی صفحہ 5 پر)

امریکہ کا مشرق وسطیٰ میں موجود اپنے شہریوں کو محتاط رہنے کا مشورہ

ابوظہبی (اے این این) متحدہ عرب امارات میں امریکی سفارت خانے نے مشرق وسطیٰ میں موجود امریکی شہریوں کو خبردار کیا ہے کہ وہ خطے میں سیکورٹی خدشات کے باعث غیر معمولی احتیاط برتیں۔ سوشل میڈیا پلیٹ فارم ایکس پر جاری بیان میں امریکی سفارت خانے نے کہا ہے کہ ایران کے حمایت یافتہ حوثیوں کی جانب سے مسلسل حملوں کے بڑھتے ہوئے خطرے اور خطے میں امریکی حکام اور تنصیبات کو نشانہ بنانے کی ایرانی

(بقیہ 24 اندرونی صفحہ 5 پر)

دفاقی محتسب کے حکم پر درخواست گزار عزیز اللہ کو میرج گرانٹ کی مد میں 50 ہزار کا چیک دلوا دیا گیا

کوئٹہ (اے این این) درخواست گزار عزیز اللہ نے بتایا کہ انہوں نے میرج گرانٹ کی ادائیگی کے لیے متعدد بار متعلقہ محکمے کو درخواست دی لیکن متعلقہ محکمے کی جانب سے کوئی شنوائی نہیں ہوئی۔ لہٰذا، انصاف کے حصول کے لیے انہوں نے وفاقی محتسب کوئٹہ کے دفتر سے رابطہ کیا اور متعلقہ محکمے کے خلاف درخواست دائر کی درخواست موصول ہوتے ہی وفاقی محتسب کوئٹہ

(بقیہ 15 اندرونی صفحہ 5 پر)

جیکب آباد: قائداعظم روڈ پر دو معصوم بچوں کو مبینہ اغوا کرنے کی کوشش ناکام

جیکب آباد (نامہ نگار): جیکب آباد کے مصروف ترین علاقے قائداعظم روڈ پر نامعلوم افراد نے دو معصوم بھائیوں کو مبینہ اغوا کرنے کی کوشش کی، تاہم بچوں کے بروقت شور مچانے پر واردات ناکام بنادی گئی جبکہ پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے دو ملزمان کو حراست میں لے لیا۔ تفصیلات کے مطابق گلاب جکھرانی نے میڈیا نمائندگان کو بتایا کہ سٹی تھانے کی حدود قائداعظم

(بقیہ 17 اندرونی صفحہ 5 پر)

لیبیا کا روسی جہاز پر یوکرینی حملے میں اپنے دو فوجیوں کی ہلاکت کا دعویٰ

بن غازی (اے این این) لیبیا نے روسی جہاز پر یوکرینی حملے میں اپنے دو فوجیوں کی ہلاکت کا دعویٰ کیا ہے۔ لیبیا کے شہر بن غازی بندرگاہ پر لنگر انداز ایک مال بردار جہاز گھاٹ کے ساتھ کھڑا دکھایا گیا ہے۔ جہاز کے قریب متعدد فائر ٹرک اور دیگر گاڑیاں بھی موجود ہیں غیر ملکی میڈیا رپورٹ کے مطابق لیبیا کے حکام کا کہنا ہے کہ اتوار کو بن غازی کی بندرگاہ میں روسی بحری

(بقیہ 20 اندرونی صفحہ 5 پر)

ترک فضائیہ کا ہیلی کاپٹر تربیتی پرواز کے دوران گر کر تباہ، 5 اہلکار جاں بحق

استنبول (اے این این) ترک فضائیہ کا ہیلی کاپٹر تربیتی پرواز کے دوران گر کر تباہ ہو گیا جس کے باعث ترک فضائیہ کے پانچ اہلکار جاں بحق ہو گئے۔ ترک وزارت دفاع نے جاں بحق اہلکاروں کو خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے کہا کہ ہیلی کاپٹر وسطی صوبے کے شہر انکی میں حادثے کا شکار ہوا۔ حکام نے فوری طور پر جائے حادثہ پہنچ کر سرچ اینڈ ریسکیو آپریشن انجام دیا، حادثے کی وجوہات تاحال سامنے نہیں آ سکیں۔ ترک

(بقیہ 26 اندرونی صفحہ 5 پر)

کور کمانڈر کا چیک پوسٹوں پر بھتہ ختم کرنے کا حکم خوش آئند ہے، میر زبیر لانگو

چیک پوسٹوں پر بھتہ وصولی خاتمہ عوام اور ٹرانسپورٹرز کا دیرینہ مطالبہ ہے، آل بلوچستان پیر وزگار یونین

کوئٹہ (اے این این) آل بلوچستان پیر وزگار یونین کے صدر میر زبیر لانگو اور جنرل سیکرٹری ملک عبداللطیف شاہوانی نے کور کمانڈر بلوچستان کی جانب سے 25 نومبر سے بلوچستان کی تمام شاہراہوں کو تجارت اور ٹرانسپورٹ کے لیے کھولنے، گاڑیوں کی آزادانہ آمدورفت اور چیک پوسٹوں پر کسی قسم کی رقم وصول نہ کرنے کے فیصلے کو خوش آئند اور عوام دوست اقدام قرار دیتے ہوئے اس کی بھرپور حمایت کا اعلان کیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان میں ٹرانسپورٹ اور تجارتی سرگرمیوں کو درپیش مشکلات کے خاتمے، شاہراہوں پر بلاوجہ رکاوٹوں اور چیک پوسٹوں پر مبینہ رقم وصولی کے خاتمے سے نہ صرف ٹرانسپورٹرز بلکہ ڈرائیوروں، تاجروں، مزدوروں اور روزگار سے وابستہ ہزاروں افراد کو ریلیف ملے گا۔ کور کمانڈر بلوچستان کی جانب سے شاہراہوں کو کھولنے اور گاڑیوں کو بلاجواز روکنے یا پریشان نہ کرنے کی ہدایات ایک مثبت پیش رفت ہے۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان کی معیشت کا بڑا انحصار تجارت اور ٹرانسپورٹ کے شعبے پر ہے، شاہراہوں پر غیر ضروری پابندیوں اور مشکلات کے باعث کاروباری سرگرمیاں متاثر ہوتی ہیں جبکہ روزگار کے مواقع بھی محدود ہو جاتے ہیں۔ اس فیصلے سے تجارتی سرگرمیوں میں بہتری، کاروبار کے فروغ اور روزگار کے نئے مواقع

(بقیہ 19 اندرونی صفحہ 5 پر)


گوادر: ڈائریکٹر جنرل فشریز عتیق اللہ خان ڈائریکٹر جنرل جی ڈی اے انیس طارق گورگیج سے ملاقات کر رہے ہیں

تربت ٹیچنگ اسپتال کی بہتری کے لیے اقدامات جاری ہیں، زاہد سلیم

اسپتال کے ایمرجنسی شعبے کی توسیع کے لیے پی سی ون تیار ہوگا

تربت (اے این این) ایڈیشنل چیف سیکریٹری ترقیات ومنصوبہ بندی بلوچستان زاہد سلیم کی سربراہی میں صوبائی سیکریٹری صحت مجیب الرحمن پانیزئی، ایڈیشنل سیکریٹری صحت شیخ بلوچ اور سیکریٹری زراعت داؤد خان خلجی پر مشتمل اعلیٰ سطحی وفد نے ضلع کیچ کے ہیڈکوارٹر تربت کا دورہ کیا، جہاں وفد نے ٹیچنگ اسپتال تربت کا تفصیلی معائنہ کرتے ہوئے مختلف شعبوں میں فراہم کی جانے والی طبی سہولیات، انتظامی امور اور مجموعی کارکردگی کا جائزہ لیا۔ اس موقع پر کمشنر مکران ڈویژن ڈاکٹر طفیل احمد، ڈپٹی کمشنر کیچ یاسر اقبال ڈنگی، ڈویژنل ڈائریکٹر ہیلتھ سروسز ڈاکٹر محب اللہ، ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر کیچ ڈاکٹر عبدالرؤف بلوچ، ڈی ایچ او تمپ ڈاکٹر نور وز یعقوب اور دیگر متعلقہ ڈاکٹرز بھی وفد کے ہمراہ تھے۔ دورے کے دوران ایڈیشنل چیف سیکریٹری ترقیات ومنصوبہ بندی زاہد سلیم نے سیکریٹری صحت، ایڈیشنل سیکریٹری صحت، سیکریٹری زراعت اور دیگر حکام کے ہمراہ اسپتال کے مختلف شعبوں، وارڈز اور طبی یونٹس کا معائنہ کیا اور وہاں دستیاب طبی سہولیات، مشینری، علاج معالجے کے انتظامات اور مریضوں کو فراہم کی جانے والی خدمات کا جائزہ لیا۔ ایڈیشنل چیف سیکریٹری ترقیات ومنصوبہ بندی بلوچستان زاہد سلیم کی سربراہی میں صوبائی سیکریٹری صحت مجیب الرحمن پانیزئی، ایڈیشنل سیکریٹری صحت شیخ بلوچ اور سیکریٹری زراعت داؤد خان خلجی پر مشتمل اعلیٰ سطحی وفد نے ضلع کیچ کے ہیڈکوارٹر تربت کا دورہ کیا، جہاں وفد نے ٹیچنگ اسپتال

(بقیہ 27 اندرونی صفحہ 5 پر)

بھاگ میں گرلز کالج، سیوریج نالے اور واٹر سپلائی کے منصوبے برسوں گزرنے کے باوجود نامکمل

**کروڑوں روپے کے منصوبے فنڈز کی عدم فراہمی کے باعث التوا کا شکار، چی

Daily ASKAR INTERNATIONAL QUETTA
MEMBER A.P.N.S
روزنامہ
عسکر انٹرنیشنل
کوئٹہ
چیف ایڈیٹر:
سید فاروق شاہ
رجسٹرڈ نمبر BC-A-21

چیف ایڈیٹر و پبلشر سید فاروق شاہ نے روزنامہ عسکر انٹرنیشنل کوئٹہ کو انڈ پینڈنٹ پرنٹرز سے چھپوا کر دفتر روزنامہ عسکر انٹرنیشنل آفس نمبر 315 یونیورسل کمپلیکس 3ed فلور سے شائع کیا۔ فون نمبر:۔
03318383955 0812092472

خیبر پختونخوا میں گورنر راج

خیبر پختونخوا (کے پی) میں ایمرجنسی اور گورنر راج نافذ کر دیا گیا ہے۔ صدر مملکت آصف علی زرداری نے آئین کے آرٹیکل 232 اور 234 کے تحت ایمرجنسی کے نفاذ کی سمری پر دستخط کیے جو کہ وفاقی کابینہ کی منظوری کے بعد وزیراعظم ہاؤس سے صدر مملکت کو بھجوائی گئی تھی۔ ایمرجنسی نافذ ہونے کے بعد وفاقی حکومت گورنر خیبر پختونخوا کو صوبائی حکومت کے تمام یا بعض اختیارات سنبھالنے کی ہدایت دے سکے گی، گورنر تفویض کردہ اختیارات اور فرائض سرانجام دیں گے جبکہ کے پی اسمبلی کے اختیارات پارلیمان یا اُس کے اختیار کردہ ادارے کے ذریعے استعمال کیے جائیں گے۔ نوٹیفکیشن کے مطابق وزیراعلیٰ کے پی، صوبائی وزراء ، مشیران، معاونین خصوصی اور ایڈووکیٹ جنرل فوری طور پر اپنے عہدے چھوڑ دیں گے۔ صوبے میں گورنر راج اور 12 اضلاع میں ایمرجنسی کے نفاذ کے فوراً بعد چیف سیکرٹری سمیت پاکستان ایڈمنسٹریٹو سروس کے 15 افسروں کو بھی تبدیل کر دیا گیا تاکہ صوبے کا نظم و نسق قائم رکھا جا سکے۔ نئے انتظام کے مطابق گورنر کے ماتحت 11 اراکین پر مشتمل مشاورتی کونسل بنائی گئی ہے جس میں پاکستان کی پہلی خاتون جنرل لیفٹیننٹ جنرل (ر) نگار جوہر سمیت مختلف ٹیکنو کریٹ شامل کیے گئے ہیں۔ نئے انتظام میں آٹھ قبائلی اضلاع سمیت 12 اضلاع کیلئے درجنوں افراد پر مشتمل ایریا ڈویلپمنٹ کونسل قائم کی جائے گی۔ وفاقی حکومت نے سول انتظامیہ کی معاونت کے لئے آئین کے آرٹیکل 245 کے تحت جب تک ایمرجنسی رہے گی تب تک پاک فوج کے دستوں اور وسائل کی تعیناتی کی منظوری بھی دے دی۔ وزیراعظم ہاؤس کے اعلامیے کے مطابق وفاقی کابینہ کے اجلاس میں کے پی میں اَمن و امان اور دہشت گردی کی بگڑتی صورتحال پر بریفنگ دی گئی جس میں کہا گیا کہ دہشت گردی میں مسلسل اضافہ خیبر پختونخوا کی سیکورٹی کے لئے سنگین اور تشویشناک چیلنج بن چکا ہے۔ وزیراعظم شہباز شریف نے کہا کہ صوبائی حکومت نے اسلام آباد پر چڑھائی کا منصوبہ بنایا، یہ دوبارہ پاکستان کو تباہی کے دہانے کی طرف لے جانا چاہتے ہیں۔ وزیراعظم کا کہنا تھا کہ کے پی میں سی ٹی ڈی اور پولیس کو مضبوط نہیں کیا گیا، صوبائی حکومت دہشت گردوں کا مقابلہ کرنے کے بجائے خاموش ہے اور ان کے خلاف ایک لفظ نہیں بولتی، افواجِ پاکستان چُن چُن کر دہشت گردوں کو جہنم رسید کر رہی ہیں۔ اُنہوں نے مزید کہا کہ معیشت کے اشاریے دن بدن بہتر ہو رہے ہیں لیکن یہ پاکستان کا حشر نشر کرنا چاہتے ہیں۔ کابینہ نے خیبر پختونخوا میں اَمن و امان کی بگڑتی ہوئی صورتحال کا تفصیلی جائزہ لیا۔ اجلاس میں پیش کردہ رپورٹ کے مطابق گزشتہ دو سال کے دوران کے پی میں دہشت گرد حملوں کی تعداد میں بے پناہ اضافہ ہوا، افغانستان میں موجود دہشت گرد عناصر اور مقامی سہولت کاروں کی وجہ سے خطرات بڑھے۔ صوبائی حکومت کی ناقص پالیسی اور دہشت گردوں کیلئے نرم گوشے نے خطرات میں اضافہ کیا، انسدادِ دہشت گردی کے موثر اقدامات کی کمی سے دہشت گرد عناصر کو جگہ بنانے کا موقع ملا۔ رپورٹ میں دیے گئے اعداد و شمار کے مطابق صوبے میں مارچ 2024ء سے 23 ستمبر 2026ء تک دہشت گردی کے واقعات 195 فیصد بڑھے جبکہ رواں سال دہشت گرد حملوں میں 73 فیصد نشانہ پولیس اور سیکورٹی ادارے بنے۔ دہشت گردوں کی طرف سے ڈرون کے استعمال میں تشویشناک اضافہ ہوا، 2024ء میں پولیس اور سیکورٹی اداروں پر کوئی ڈرون حملہ رپورٹ نہیں ہوا، لیکن رواں سال ڈرون حملوں کی تعداد 170 تک پہنچ گئی۔ دہشت گردوں کے مقابلے میں پولیس اور سیکورٹی اداروں کی استعداد بڑھانا ناگزیر ہے، سیف سٹی منصوبہ تاحال صرف پشاور تک محدود ہے۔ مزید کہا گیا کہ کے پی پولیس میں 9 ہزار سے زائد آسامیاں خالی ہیں، پولیس اور سی ٹی ڈی کو جدید ہتھیاروں اور آپریشنل سامان کی شدید کمی کا سامنا ہے، جنوبی اضلاع میں بکتر بند اور محفوظ گاڑیوں کی کمی ہے جس سے پولیس کی نقل و حرکت اور آپریشنل صلاحیت متاثر ہے، پولیس اور سی ٹی ڈی کے پاس جدید سرویلنس اور انٹیلی جنس آلات ناکافی ہیں، نائٹ ویژن اور تھرمل امیجنگ آلات بھی مطلوبہ تعداد میں دستیاب نہیں جبکہ ضم شدہ اضلاع کی پولیس کو مطلوبہ تربیت، وسائل اور استعداد کار کی شدید کمی کا سامنا ہے۔

وجودِ زَن سے ہے تصویرِ کائنات میں رنگ!

پاکستانی معاشرے کی تشکیل و تعمیر میں خواتین کا کردار نہایت اہم اور بنیادی حیثیت رکھتا ہے۔ خواتین صرف خاندان کی بنیاد کو مضبوط نہیں بناتیں بلکہ وہ تعلیم، صحت، سیاست، معیشت اور سماجی خدمت کے میدان میں بھی نمایاں خدمات سرانجام دے رہی ہیں۔ ایک ماں، بہن، بیٹی اور استاد کی حیثیت سے خواتین نئی نسل کی تربیت بہتر طور پر کرتی ہیں اور اپنے معاشرے کو مثبت سمت دینے میں کلیدی کردار ادا کرتی ہیں۔ تعلیم کے شعبے میں پاکستانی خواتین نے نمایاں کامیابیاں حاصل کی ہیں۔ خواتین بطور اساتذہ، محققین اور ماہرین تعلیم معاشرے میں علم کی روشنی پھیلا رہی ہیں اسی طرح سیاست اور سماجی خدمات میں بھی خواتین اپنا کردار ادا کرتی رہی ہیں۔ ان میں محترمہ فاطمہ جناح، مسز لیاقت علی خان، بے نظیر بھٹو اور مریم نواز شریف جنہوں نے ملکی سیاست میں ایک نئی مثال قائم کی اس کے علاوہ ڈاکٹر، انجینئر، وکیل، کاروباری خواتین ڈاکٹر شہلا اکرم جنہوں نے معاشرے کی ترقی میں اپنا حصہ ڈالا ہے۔ ان کے علاوہ بہت سی نجی بزنس میں کام کر رہی ہیں اور بے حد کامیابی سے ترقی کی راہ پر گامزن ہیں اس طرح صحت اور سماجی خدمت کے شعبوں میں خواتین کی خدمات بھی بہت اہم ہیں۔ ڈاکٹرز، نرسیں، سماجی کارکن خواتین، صحت، تعلیم اور فلاح و بہبود کے لئے سرگرم عمل ہیں۔ مثال کے طور پر RuthFou نے

ڈاکٹر فوزیہ تبسم

جذام کے مریضوں کے لئے خدمات سرانجام دیں اور انسانی ہمدردی کی عظیم مثال قائم کی۔ اسلام نے بھی عورت کو عزت، وقار اور بلند مقام عطا کیا ہے۔ اسلام نے عورت کو ماں، بیٹی، بہن اور بیوی کی حیثیت سے نہایت محترم مقام دیا اور ہمارے حقوق کی حفاظت کی۔ ہمارے پیغمبر ؟ نے فرمایا کہ جس شخص نے بالغ ہونے تک دو لڑکیوں کی پرورش کی قیامت کے روز میں اور وہ اس طرح آئیں گے اور آنحضرت ؟ نے اس طرح کی وضاحت میں دو انگلیاں ملا کے دکھائیں۔ کسی نے آپ سے سوال کیا کہ میری بھلائی اور حسن، معمار کا سب سے زیادہ مستحق کون ہے۔ آپ ؟ نے فرمایا تیری ماں اس نے تین بار پوچھا اور اُن کا جواب یہی تھا چوتھی بار انہوں نے فرمایا تمہارا باپ۔ ماں کو انہوں نے باپ پر 3 گنا فوقیت دی۔ یہ شعر اس حقیقت کو ظاہر کرتا ہے کہ عورت کے بغیر معاشرہ ادھورا ہے۔ ادب اور ثقافت کے میدان میں بھی خواتین کا کردار بہت اہم ہے۔ پاکستان کی بہت سی خواتین ادب اور فنونِ لطیفہ میں اپنی صلاحیتوں کا لوہا منوا رہی ہیں۔ وہ اپنی تحریروں میں معاشرے کے مسائل کو اجاگر کرتی ہیں شعور بیدا کرنے میں اہم کردار ادا کر رہی ہیں۔ معاشرے کی پہلی درسگاہ کے طور پر دراصل ماں کا کردار ہی مرکزی ہے۔ خاندانی نظام چلانے میں بھی خواتین کا صبر، قربانی اور نظم و نسق کلیدی ہے۔ لڑکیوں کی تعلیم کی شرح میں اضافے سے پورے خاندان کا معیار زندگی بھی بلند ہو رہا ہے۔ محترمہ فاطمہ جناح سے لے کر مریم نواز شریف تک تعلیمی تحریک میں خواتین ہمیشہ پیش پیش رہی ہیں۔ پاکستان کی معیشت میں خواتین کی شرکت تیزی سے روز بروز بڑھ رہی ہے۔ زراعت میں دیہی علاقوں میں 70،60 فیصد خواتین شریک ہیں۔ دستکاری، کڑھائی، قالین بانی اور چھوٹے کاروباروں میں خواتین لاکھوں خاندانوں کی کفالت کر رہی ہیں۔ آج کے اس دور میں ڈاکٹر، انجینئر، پائلٹ، بینکر، آئی ٹی، پروفیشنل، فوج اور پولیس میں بھی خواتین کا کردار نمایاں ہو چکا ہے۔ لیڈی ہیلتھ ورکرز، نرسیں اور لیڈی ڈاکٹرز بھی دیہی اور شہری علاقوں میں صحت کی بنیادی سہولیات فراہم کرتی ہیں۔ فلاحی تنظیموں میں بھی خواتین اپنا کردار نبھا رہی ہیں جیسے ایدھی فاؤنڈیشن میں بلقیس ایدھی، مادر ملت جیسی شخصیات اور کئی خواتین رضا کاروں نے امداد بحالی اور آگاہی میں بھرپور حصہ لیا ہے تاہم یہ بھی حقیقت ہے کہ پاکستانی خواتین کو ابھی بھی کئی مشکلات کا سامنا ہے۔ بعض علاقوں میں خواتین کو تعلیم اور روزگار کے برابر مواقع نہیں ملتے۔ معاشرتی رکاوٹیں اور بعض روایات بھی خواتین کی ترقی میں حائل ہو رہی ہیں اس لئے ضروری ہے کہ ہم خواتین کو بااختیار بنائیں اور تعلیم کو فروغ دیں تاکہ ان میں خود اعتمادی پیدا کی جا سکے۔ پاکستان کی ترقی اور خوشحالی خواتین کی شمولیت کے بغیر ممکن نہیں۔ ہمیں چاہیے کہ ہم خواتین کو عزت، اعتماد اور مواقع فراہم کریں تاکہ وہ اپنی صلاحیتوں کو بروئے کار لا سکیں اور پاکستان کو ایک مضبوط، ترقی یافتہ اور ملک خوشحال بنانے میں اپنا کردار ادا کر سکیں۔ اللہ تعالیٰ ہمیں ایسا معاشرہ بنانے کی توفیق عطا فرمائے جہاں خواتین کو عزت، تحفظ اور ترقی کے مساوی مواقع حاصل ہوں۔ حقیقت تو یہ ہے کہ عورت صرف ایک فرد نہیں بلکہ ایک نسل کی معمار ہوتی ہے، اگر آپ ایک مرد کو تعلیم دیتے ہیں تو آپ ایک فرد کو تعلیم دیتے ہیں لیکن اگر آپ ایک عورت کو تعلیم دیتے ہیں تو ایک پورے خاندان کو تعلیم دیتے ہیں۔ ایک مفکر کا قول ہے کہ عورت قوم کی معمار ہوتی ہے اگر وہ مضبوط ہو تو قوم بھی مضبوط ہوتی ہے۔ قائداعظم نے فرمایا: ''کہ کوئی قوم ترقی نہیں کر سکتی جب تک اس کی خواتین مردوں کے شانہ بشانہ کام نہ کریں''۔ پنجاب حکومت نے ہونہار اسکالرشپ پروگرام کے ذریعے مستحق اور اہل طلبہ کو اعلیٰ تعلیم کے اخراجات میں معاونت فراہم کرنے کا منصوبہ آگے بڑھایا ہے۔ مریم نواز نے مستحق و قابل طلبہ کے لئے لیپ ٹاپ سکیم اور خواتین کے کالجوں میں سفری سہولتوں جیسے اقدامات بھی کئے۔ دیہی خواتین کے لئے آئی ٹی اور ڈیجیٹل تربیت مہارتوں کے پروگرام کا اعلان کیا۔ پروگرام ہنر کے ذریعے معاشی خودمختاری یعنی EnhancementSkill homereachthrough

ہفتہ وار سائل سے موبائل دیرینہ گاؤں ہے اور ہفتہ وار سائل سے موبائل دیرینہ گاؤں ہے اور ہفتہ وار سائل سے موبائل دیرینہ گاؤں ہے اور



ہفتہ وار سائل سے موبائل دیرینہ گاؤں ہے اور ہفتہ وار سائل سے موبائل دیرینہ گاؤں ہے اور ہفتہ وار سائل سے موبائل دیرینہ گاؤں ہے اور

ہفتہ وار سائل سے موبائل دیرینہ گاؤں ہے اور ہفتہ وار سائل سے موبائل دیرینہ گاؤں ہے اور ہفتہ وار سائل سے موبائل دیرینہ گاؤں ہے اور

ہفتہ وار سائل سے موبائل دیرینہ گاؤں ہے اور ہفتہ وار سائل سے موبائل دیرینہ گاؤں ہے اور ہفتہ وار سائل سے موبائل دیرینہ گاؤں ہے اور



ہفتہ وار سائل سے موبائل دیرینہ گاؤں ہے اور ہفتہ وار سائل سے موبائل دیرینہ گاؤں ہے اور ہفتہ وار سائل سے موبائل دیرینہ گاؤں ہے اور



ہفتہ وار سائل سے موبائل دیرینہ گاؤں ہے اور ہفتہ وار سائل سے موبائل دیرینہ گاؤں ہے اور ہفتہ وار سائل سے موبائل دیرینہ گاؤں ہے اور



ہفتہ وار سائل سے موبائل دیرینہ گاؤں ہے اور ہفتہ وار سائل سے موبائل دیرینہ گاؤں ہے اور ہفتہ وار سائل سے موبائل دیرینہ گاؤں ہے اور



ہفتہ وار سائل سے موبائل دیرینہ گاؤں ہے اور ہفتہ وار سائل سے موبائل دیرینہ گاؤں ہے اور ہفتہ وار سائل سے موبائل دیرینہ گاؤں ہے اور



ہفتہ وار سائل سے موبائل دیرینہ گاؤں ہے اور ہفتہ وار سائل سے موبائل دیرینہ گاؤں ہے اور ہفتہ وار سائل سے موبائل دیرینہ گاؤں ہے اور

ہفتہ وار سائل سے موبائل دیرینہ گاؤں ہے اور ہفتہ وار سائل سے موبائل دیرینہ گاؤں ہے اور ہفتہ وار سائل سے موبائل دیرینہ گاؤں ہے اور



ہفتہ وار سائل سے موبائل دیرینہ گاؤں ہے اور ہفتہ وار سائل سے موبائل دیرینہ گاؤں ہے اور ہفتہ وار سائل سے موبائل دیرینہ گاؤں ہے اور



ہفتہ وار سائل سے موبائل دیرینہ گاؤں ہے اور ہفتہ وار سائل سے موبائل دیرینہ گاؤں ہے اور ہفتہ وار سائل سے موبائل دیرینہ گاؤں ہے اور



ہفتہ وار سائل سے موبائل دیرینہ گاؤں ہے اور ہفتہ وار سائل سے موبائل دیرینہ گاؤں ہے اور ہفتہ وار سائل سے موبائل دیرینہ گاؤں ہے اور

ہفتہ وار سائل سے موبائل دیرینہ گاؤں ہے اور ہفتہ وار سائل سے موبائل دیرینہ گاؤں ہے اور ہفتہ وار سائل سے موبائل دیرینہ گاؤں ہے اور



ہفتہ وار سائل سے موبائل دیرینہ گاؤں ہے اور ہفتہ وار سائل سے موبائل دیرینہ گاؤں ہے اور ہفتہ وار سائل سے موبائل دیرینہ گاؤں ہے اور



ہفتہ وار سائل سے موبائل دیرینہ گاؤں ہے اور ہفتہ وار سائل سے موبائل دیرینہ گاؤں ہے اور ہفتہ وار سائل سے موبائل دیرینہ گاؤں ہے اور



ہفتہ وار سائل سے موبائل دیرینہ گاؤں ہے اور ہفتہ وار سائل سے موبائل دیرینہ گاؤں ہے اور ہفتہ وار سائل سے موبائل دیرینہ گاؤں ہے اور



ہفتہ وار سائل سے موبائل دیرینہ گاؤں ہے اور ہفتہ وار سائل سے موبائل دیرینہ گاؤں ہے اور ہفتہ وار سائل سے موبائل دیرینہ گاؤں ہے اور



ہفتہ وار سائل سے موبائل دیرینہ گاؤں ہے اور ہفتہ وار سائل سے موبائل دیرینہ گاؤں ہے اور ہفتہ وار سائل سے موبائل دیرینہ گاؤں ہے اور



ہفتہ وار سائل سے موبائل دیرینہ گاؤں ہے اور ہفتہ وار سائل سے موبائل دیرینہ گاؤں ہے اور ہفتہ وار سائل سے موبائل دیرینہ گاؤں ہے اور

ہفتہ وار سائل سے موبائل دیرینہ گاؤں ہے اور ہفتہ وار سائل سے موبائل دیرینہ گاؤں ہے اور ہفتہ وار سائل سے موبائل دیرینہ گاؤں ہے اور


FRIENDSHIP THAT TRANSCENDS
THE VASTNESS OF SPACE
PAKISTAN'S FIRST ASTRONAUT ON A HISTORIC SPACE MISSION
ستاروں سے آگے جہاں اور بھی ہیں

MESSAGES ON PAKISTAN'S HISTORIC PARTICIPATION IN SHENZHOU-24 SPACE MISSION



آصف علی زرداری

صدر
اسلامی جمہوریہ پاکستان

میں چین کے شین ژو-24 مشن کے تحت، سائنسی تجربات کی انجام دہی کے لئے، تیانگونگ خلائی اسٹیشن پہنچنے والے پہلے پاکستانی خلاباز کے تاریخی سنگ میل پر پوری قوم کو مبارکباد پیش کرتا ہوں۔ میں اسے اپنے ملک کے سائنسی سفر میں قومی فخر کا عظیم لمحہ سمجھتا ہوں۔

یہ مشن سائنس، تحقیق اور ٹیکنالوجی کے فروغ کے لیے پاکستان کے بڑھتے ہوئے عزم کا عکاس ہے۔ میں اس تاریخی موقع کو ممکن بنانے میں سپارکو، پاکستانی سائنسدانوں اور انجینئرز کی کاوشوں اور چین کے تعاون کو سراہتا ہوں۔ مجھے یقین ہے کہ یہ مشن پاکستان اور چین کے درمیان سائنسی تعاون کو مزید مضبوط بنانے کے ساتھ ساتھ پاکستان کے خلائی پروگرام کے لیے نئے امکانات کے دروازے کھولے گا۔

مجھے امید ہے کہ اس مشن کے دوران کیے جانے والے سائنسی تجربات تحقیق اور سائنسی دلچسپی کے مختلف شعبوں میں علم کے فروغ میں معاون ثابت ہوں گے۔ انسانی خلائی پرواز میں پاکستان کی شرکت محض خلا تک پہنچنے کا نام نہیں بلکہ اس کے مواقع کو تحقیق، سیکھنے اور جدت کے فروغ کے لیے بروئے کار لانے کا عزم بھی ہے، تاکہ زمین پر درپیش چیلنجز سے نمٹنے میں مدد مل سکے۔

علامہ اقبال کے تصور "ستاروں سے آگے جہاں اور بھی ہیں" کے مطابق، میرا یقین ہے کہ یہ سنگِ میل پاکستان کی نوجوان نسل کو علم، جدت اور سائنسی دریافت کے سفر میں اعتماد اور بلند حوصلے کے ساتھ آگے بڑھنے کی ترغیب دے گا۔ میں تمام خلابازوں کے کامیاب مشن اور بحفاظت واپسی کے لیے نیک تمناؤں کا اظہار کرتا ہوں۔

پاکستان پائندہ باد



محمد شہباز شریف

وزیراعظم
اسلامی جمہوریہ پاکستان

پاکستانی قوم کو مبارک!

پاکستانی خلاباز محمد ذیشان علی شین ژو 24 مشن کے ساتھ سائنسی تجربات کے لیے چین کے تیانگونگ اسپیس اسٹیشن پہنچنے والے پہلے پاکستانی بن گئے ہیں۔

آج پاکستان نے ستاروں سے آگے کا سفر شروع کر دیا ہے۔ یہ صرف ایک خلاباز کا سفر نہیں، بلکہ 24 کروڑ پاکستانیوں کا سفر ہے، یہ ہماری نوجوان نسل، ہمارے سائنسدانوں اور ہمارے خوابوں کا سفر ہے۔ محمد ذیشان علی اور خرم داؤد دونوں نے بے مثال محنت، نظم و ضبط اور لگن سے چین میں تربیت مکمل کی۔

چین کے بعد پاکستان تیانگونگ خلائی اسٹیشن جانے والا دنیا کا پہلا ملک بنے گا۔ یہ پاکستان اور چین کی آہنی دوستی کا منہ بولتا ثبوت ہے۔ ہم اپنے برادر ملک چین خاص طور پر صدر شی جن پنگ کے شکر گزار ہیں جنہوں نے پاکستان کو اس تاریخی مشن کا حصہ بنایا۔ چین اور پاکستان محض زمین پر قیام امن اور باہمی ترقی ہی میں ہم آہنگ نہیں بلکہ اب خلا کے سفر میں بھی ہم قدم ہیں۔ یہ ہماری دوستی کی وسعت اور قربت کا اظہار ہے۔

میں سپارکو اور ان جامعات اور سائنسدانوں کو بھی خراج تحسین پیش کرتا ہوں جن کے سائنسی تجربات اس مشن کے ذریعے خلا میں انجام دیئے جا رہے ہیں۔ افواج پاکستان، قومی اداروں، سائنسدانوں اور نوجوانوں کی مشترکہ کاوشوں سے پاکستان خلائی تحقیق اور جدید سائنسی میدان میں نئی بلندیوں کی جانب گامزن ہے۔

اگر آج ایک پاکستانی خلائی اسٹیشن تک پہنچ سکتا ہے، تو کل ایک پاکستانی چاند تک بھی پہنچے گا۔ میں اپنے نوجوانوں سے کہتا ہوں کہ خواب دیکھنا کبھی مت چھوڑو، محنت کرتے رہو، پاکستان پر یقین رکھو۔ ہماری منزل ستاروں سے آگے ہے۔

ہمارے قومی شاعر علامہ محمد اقبال نے برسوں پہلے نوجوانوں کو یہ تلقین کی تھی کہ انہیں ستاروں سے آگے جانا ہے اور اس کائنات میں چھپے رازوں کو دریافت کرنا ہے۔ اللہ کا شکر ہے کہ یہ خواب آج پورا ہو رہا ہے۔ میری حکومت سائنس، ٹیکنالوجی اور خلائی تحقیق کو اپنی اولین ترجیح سمجھتی ہے۔ یہ مشن نئے پاکستان کی جانب ایک بڑا قدم ہے، جہاں ہمارا نوجوان دنیا کے ساتھ نہ صرف مقابلہ کرے گا بلکہ دنیا کی رہنمائی بھی کرے گا۔

پاکستان پائندہ باد



فیلڈ مارشل
سید عاصم منیر

نشان امتیاز (ملٹری)، ہلال جرأت
چیف آف آرمی سٹاف اینڈ چیف آف ڈیفنس فورسز

شین ژو 24 (Shenzhou-24) خلائی جہاز کے ذریعے پاکستان کے پہلے خلاباز کی چین کے خلائی اسٹیشن کے تاریخی مشن میں شرکت پوری قوم کے لیے باعث فخر اور مسرت ہے۔ میں اس تاریخی کامیابی پر پاکستانی خلاباز، سپارکو اور پاکستان و چین کی تمام متعلقہ ٹیموں کو دلی مبارکباد پیش کرتا ہوں۔ یہ غیر معمولی کامیابی قومی عزم، پیشہ ورانہ مہارت اور سائنسی ترقی کا مظہر ہے اور ہماری قومی تاریخ کا ایک اہم سنگ میل ہے۔

اس تاریخی مشن میں پاکستانی خلاباز کی شمولیت پاکستان کی سائنسی و تکنیکی صلاحیتوں، پاک چین اسٹریٹیجک شراکت داری اور دونوں ممالک کے درمیان غیر متزلزل اعتماد کی عکاس ہے۔ خلا میں پاکستان کے سبز ہلالی پرچم کی نمائندگی پوری قوم کے لیے اعزاز ہے۔

الحمدللہ، پاکستان سائنس و ٹیکنالوجی کے مختلف شعبوں میں بتدریج ترقی کی نئی منازل طے کر رہا ہے۔ مصنوعی ذہانت (AI)، انفارمیشن ٹیکنالوجی اور سائبر سکیورٹی میں بڑھتی ہوئی مہارت، بائیو ٹیکنالوجی، میڈیکل سائنس میں تحقیق، انجینئرنگ اور صنعتی ترقی ہماری تکنیکی استعداد کا ثبوت ہیں۔ اسی طرح مواصلاتی سیٹلائٹس، دفاعی و ایرو اسپیس ٹیکنالوجی، توانائی کے متبادل ذرائع اور ماحولیاتی ٹیکنالوجی کے شعبوں میں پیش رفت پاکستان کے روشن اور خود انحصار مستقبل کی بنیاد ہے۔

